مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

مارچ 2020ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

عبادات رجب، شعبان

جنات کی روحانی واردات

خوفناک زحل، غلط فہمیاں

قیامت کی سچی پیشن گوئیاں

ساعتیں شرف مریخ، ہبوط عطارد

عدد 9 کی انگشتری

الواح شرف مریخ

بچے کا رونا، اُم صبیان کی بات

TR.TV
Ayyaz Muzammil

لاجواب استخارہ

نمبر لگ گیا!

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 80 روپے فی شمارہ

لوح شرف مریخ

قوت، شجاعت، دشمن پر غلبہ شر سے محفوظ، حصول اعلیٰ مرتبہ، افسران بالا عزت وتوقیر کرے، عہدہ پر ترقی، جسمانی قوت، خون، معدہ، امراض بلغم، لقوہ اور قولنج کے مرض سے نجات پانے کیلئے، مردانہ شجاعت، خوبصورتی، قوت مردمی میں اضافہ خواتین پر غلبہ پانے کیلئے خاص لوح تیار کی جاتی ہے۔ لوح شرف مریخ کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

لوح شرف عطارد

پاگل پن، مرگی، جنونی کیفیت، دماغی دورے پڑنا، کند ذہنیکے خاتمہ کیلئے اس کے علاوہ من پسند شادی والدین عزیز و اقارب میں عزت ومرتبہ اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف عطارد سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لوح شرف عطارد کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

لوح شرف قمر

انعامی چانس میں کامیابی، مردانہ وجاہت، من پسند جگہ پر شادی اور خوبصورتی میں اضافہ کیلئے اور دفع بندش اولاد، نکاح اور حصول علم، تسخیر خلق و کاروبار جیسے امور میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف قمر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔ لوح شرف قمر کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

بچے کا پیدائشی زائچہ بنوا کر نام رکھیں۔ رشتہ طے کرنے سے قبل ادارہ روحانیات سے ستارے لازمی ملوائیں تا کہ بعد میں آنے والی پریشانیوں اور مصیبتوں سے بچا جا سکے آپ کے نام کے مطابق نگینہ دستیاب ہیں جس شخص نے یہ تمام الواح حاصل کر لی اس سے بڑا خوش نصیب دنیا میں اور کوئی نہیں۔

ھدیہ الواح:۔ عام لوح 4200 خاص لوح 7200 بہت خاص لوح 9200

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 15 مارچ 2020ء شمارہ نمبر 09

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس) عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بنگش شہزاد رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
عبادات رجب، شعبان	03	مریخ کی قوت، کالا جادو	25
جنات کی روحانی واردات	05	مشتری تنکیث زہرہ	26
خوفناک زحل، غلط فہمیاں	07	بچے کا رونا، اُم صبیان کی بات	28
قیامت کی سچی پیشن گوئیاں	10	آسان مجرب عملیات	29
ستاروں کی چال، وظیفے کا کمال	12	خوابوں کی حقیقت	30
ساعتیں شرف مریخ، ہبوط عطارد	14	لاجواب استخارہ	32
عدد 9 کی انگشتری	15	دہی اکی افادیت	33
زائچہ نوروز عالم افروز	17	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	35
آداب و اعمال نوروز	18	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	41
نوروز عالم افروز کیا ہے؟	19	روزانہ کے لکی نمبر	42
الواح شرف مریخ	21	مارچ کے لکی نمبر	43
شرف مریخ، لوح فتح	24	آپکی ڈاک	46

قیمت فی شمارہ 80 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ نمبر شب 960 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

رجب، زکات سورۃ مزمل

نوچندا توار سے قبل نماز فجر 11 بار درود مزمل پڑھیں 2 رکعت نماز نفل تہجد ادا کریں سورۃ مزمل 11 بار پڑھیں۔ اس کے بعد برائے تسخیر کل روحانیت سورۃ مزمل کی دعا کریں۔ اب دوبارہ پھر 11 بار درود مزمل پڑھیں اور 2 رکعت نماز تہجد ادا کریں پھر درج بالا طریقہ سے دعا کریں۔ تیسری بار پھر 11 بار درود مزمل پڑھ کر دو رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر تسخیر خلق کل روحانیت کی دعا کریں۔ آخر میں 11 بار درود مزمل اختتامی پڑھیں مدت عمل زکات 11 یوم ہے۔ یاد رہے ماہ رجب آئمہ کرام کی ولادت باسعادت اور شہادت کا مہینہ ہے سورۃ مزمل پڑھ کر یکم رجب امام محمد باقرؑ 3 رجب شہادت امام علی تقیؑ 5 رجب ولادت امام علی تقیؑ 9 رجب ولادت باسعادت علی اصغرؑ 10 رجب ولادت باسعادت امام محمد تقیؑ 13 رجب ولادت باسعادت مولا علیؑ 15 رجب شہادت بی بی زینبؑ 22 رجب نیاز امام جعفر صادقؑ 25 رجب شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ان تمام ایام میں جو کہ ولادت یا شہادت سے منسوب ہیں۔ آئمہ کرام نیاز دینا باعث برکت و راہ نجات ہر غم و مصیبت دنیا و آخرت ہے۔

عبادات رجب ' شعبان

تحریر:۔ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

قارئین تحفہ روحانیات ! آپکی محبت میں اسلامی کے حوالہ سے چند مجرب دعائیں ارسال ہیں جن کے کرنے سے روحانیت میں اعلیٰ مقام حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ ان شاءاللہ قلبی سکون بھی میسر آئیگا۔

نماز خواجہ اویس قرنی

ماہ رجب میں نماز خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آپ سے سنی تھی۔ تیسری' چوتھی' پانچویں اور ایک روایت میں تیرھویں' چودھویں' پندرھویں اور ایک روایت میں تیسویں' چوبیسویں' پچیسویں کو روزہ رکھے چاشت کے وقت ہر روز غسل کرے اور بات چیت کسی سے نہ کرے زوال سے پہلے بارہ رکعتیں تین سلام سے پڑھے۔ چار رکعتوں میں فاتحہ کے بعد جو قرآن سے یاد ہو پڑھے۔ اور سلام کے بعد ستر بار **لا الہ الا اللہ الملک الحق المبینہ لیس کمثلہ شی وھوالسمیع البصیر** پڑھے دوسری چار رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ النصر تین تین بار اور سلام کے بعد ستر بار **انک اقوی معین واھدی دلیل بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین** اور تیسری چار رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین بار اور سلام کے بعد ستر بار الم نشرح پڑھے۔ پھر دایاں ہاتھ سینے سے نیچے اتار کر سجدہ میں جائے جو حاجت حق تعالیٰ سے مانگے گا پوری ہوگی۔

نماز دعائے شب برات

08 اپریل 2020ء بروز بدھ یہ ممکنہ شب برات ہو سکتی ہے سو رکعتیں پچاس سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص دس بار ایضاً حضرت خواجہ ذوالنون مصری روایت کرتے ہیں کہ شب برات کو بارہ رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پچاس بار، اس کا سو رکعتوں کا ثواب پائے گا۔ سلطان الموحدین شیخ ظہور حاجی حمید حضور قدس سرہ العزیز روایت کرتے ہیں کہ شب برات کو دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ خلاص پانچ سو بار اور معوذتین سو بار ایک سو بارہ رکعتوں کا ثواب پائے گا۔ اور ثواب معوذتین کا زیادہ ہے سلام کے بعد سجدہ کرے اور یہ دعا پڑھے۔

سجدلك سوادی وخیالی وامن بك فوادی واقربك لسانی وھذازلنا ظاھر بین یدیك یاعظیم کل عظی ن اغفر ذنوبی العظیم فانه لا اله ان یغفرغیرك یاعظیم اللھم سجد وجھی الفانی لوجودك الباقی الھی بحرمة وجه خیرلك ساجد

اور یہ دعا بھی پڑھے **اغفروجھی فی التراب لوجد سیدی وبحق وجه سیدی ان یغفرالوجوه له** پھر سر اٹھا کر بیٹھے اور درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔ **اللھم ارزقنی قلبا تقیتا من الشرك بریئاً لا لکافرا والا شقیتاً**

دعا شب برات

اللھم یاذالمن ولا یمن علیك یا ذالجلال والاکرام یاذالطول والانعم لا اله الا انت یاظھیر الاحین ویارجآء المستحیرین ویاصریخ المستبصرخین ویاامن الخآئفین ویادلیل المتحیرین ویاغیاث المستغیثین ویاارحم الراحمین اللھم ان کنت کتبتنی فی ام الکتاب عندك شقیاً فقیراً فامح عنی اسم الشقاوة الفقر وثبتنی عندك سعیداً غنیاً وان کنت کتبتنی فی ام الکتاب عنده محروما مقترًا علی رزقی فامح عنی حرمافی وتقتیر رزقی فانك قلت فی ام الکتاب یمحو الله مایشاء ویثبت ووعنده علم الکتاب۔

13 رجب ' زکات ناد علیؑ

09مارچ 2020ء بروز سوموار 13رجب مولود کعبہ کا دن ہے اس رات دعائے نادعلیؑ کی زکات دی جاتی ہے اس رات میں نادعلیؑ 110بار پڑھ کر اگر زیادہ روحانی قوت کا حصول چاہتے ہوں تو 1100بار پڑھیں۔اور روزانہ ورد میں اس کی تعداد 11یا110بار رکھیں تاکہ اس دعا کی روحانی قوت آپکے ساتھ رہے گی۔جب بھی کوئی دینی یا دونیاوی مسئلہ درپیش ہوتو دعائے نادعلیؑ 110بار ورد کریں ان شاءاللہ تعالیٰ پریشانی حل ہوجائیگی۔

رجب، زکات سورۃ مزمل

22مارچ 2020ء بروز اتوار 27رجب المجرب کو شب معراج ہوتی ہے اس ایک رات میں زکات مزمل ادا کی جاسکتی ہے۔اس رات کی فضیلت دیگر عام راتوں سے کئی افضل ہے سورۃ مزمل کی زکات کی ادائیگی ایک سال کیلئے انوارات اور تجلیات، فیض و برکات حاصل کرنے کی نیت سے 26.27.28رجب کے روزے کی نیت کرے اور 26رجب عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل استغفار پڑھیں اور سورۃ مزمل 92بار پڑھی جائیگی۔یہ تعداد بغیر کسی بات چیت کے ایک نشست میں پوری کی جائے اس کے بعد روزانہ مداومت سورۃ مزمل 11بار بعد نماز فجر ورد کی جائے۔

دعا و نماز شب معراج

22مارچ 2020ء بروز اتوار ممکنہ ستائیس رجب کی شب کو بارہ رکعتیں تین سلام سے پڑھے اور جب نماز سے فارغ ہوتو سوبار **سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولاحولا ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** اور سوبار استغفار اور دوسوبار درود شریف پڑھ کر سجدہ کرے اور جناب الٰہی سے اپنی حاجت چاہئے پوری ہوگی حاجت اس کی ایضاً اسی مہینے کی آخر نماز جمعہ کے بعد بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد یۃ الکرسی تین بار پڑھے بعد فراغت ہاتھ دعا کیلئے اٹھائے اور حاجت چاہے حاجت اس کی روا ہوگی۔

نماز و دعا شعبان

26مارچ 2020ء بروز جمعرات ممکنہ پہلی شب شعبان کو بارہ رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پندرہ بار پڑھے دس ہزار نیکیاں اس کے لکھی جاتی ہیں اور دس ہزار بدیاں اس کے نامہ اعمال سے دور کی جاتی ہیں۔

نماز شب استفتاح

09اپریل 2020ء بروز جمعرات یہ ممکنہ شعبان کی پندرھویں رات ہے دس رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تیس تیس بار اور بعد نماز فراغت سو بار استغفار پڑھے ایضاً پندرھویں تاریخ کو چاشت کے بعد پچاس رکعتیں پچیس سلام سے ادا کرے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد معوذتین ایک ایک بار پڑھے پھر نماز سے فارغ ہوکر سجدہ کرے اور یہ دعا حضور دل سے پڑھے۔

اللھم لك صليت ولك سجدت وبك امنت وعليك توكلت فارحم ذلي وكبوني بوجهي والفزادي وخشوعي وخضوعي وتضرعي وتحيري وقفري وفاقتي واجعل لي فرجا من همي برحمتك يا ارحم الراحمين۔

دعائے لیلۃ القدر

ماہ رمضان میں آخری عشرہ یعنی 21تا29رمضان یا پہلی جمعرات کو جو اس مہینے میں واقع ہو روزہ رکھے اور جمعہ کو نماز مغرب کے بعد چار سلام سے بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ القدر تین تین بار اور اخلاص بارہ بار جب نماز سے فارغ ہوکر سجدہ کرے اور ستر بار **سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح** پڑھے۔پھر سجدہ سے سر اٹھا کر درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

بسم الہ الرحمن الرحیم اللھم انی صلیت ھذہ الصلوۃ التی امرھا عبدك ورسولك وخبیرك من خلقك شفیع الامۃ وکاشف الغمۃ صلی اللہ علیہ وسلم وان کنت مقصر فی اقامۃ حقائقھا غافلا عن تقدیم شرائطھا کما کما تحب وترضی ومن یستطیع من عبادك ان یعبدك ویطیعك کما ینبغی لك فاذاعترفت بتقصیری وقلۃ جھدی واقررت بضعفی وعجزی فلا تحرمنی جزآء تصدیق رسولك وتواب حسن الرغبۃ وصدق النیۃ فی سنۃ نبیك علیہ السلام لانك ذوفضل ومغفرۃ علی عبادل وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد والہ اجمعین برحمتك یا ارحم الرحمین

قسط 65 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم قارئین تحفہ روحانیات جیسا کہ آپکو معلوم ہیں گزشتہ شمارہ فروری میں ہم نے آپکی خدمت میں ایک ظالم زمیندار کا واقعہ پیش کیا جو کہ ایک کمزور اور مجبور کسان کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا اور اسے مختلف حیلے بہانوں سے تنگ کر رہا تھا یہ مجبور بزرگ کسان ہمارے پاس روحانی امداد حاصل کرنے کیلئے حاضر ہوا۔

اللہ کے پاک کلام سے اور اس کے دیئے ہوئے علم سے ہم نے اس کی روحانی امداد کی اس بزرگ کو 2 وظائف کرنے کیلئے دیئے پہلے وظیفہ پر اس کو اچھے اثرات ملے، مگر اس ظالم زمیندار نے کسی کے ذریعے اثرات کا توڑ کر لیا اب دوبارہ وہ شخص ظالم زمیندار کو تنگ کرنے لگا ایک دوسرا وظیفہ ہم نے اس مظلوم کسان کو دیا اس کا طریقہ گزشتہ شمارہ کی قسط میں میں لکھ دیا گیا تھا۔ اب اس سلسلہ واقعہ کو مزید آگے بڑھاتے ہیں۔

حضور بخش نے دیئے گئے وظیفہ پر عمل کیا اور دوسری جانب اسی وظیفہ کو ہم بھی کر رہے تھے بلاشبہ نہایت سخت وظیفہ شر تھا جس کے کرنے سے ظالم کو سزا مل جاتی ہے جیسا کہ پہلے بتایا ہے کہ حضور بخش اس وظیفہ کی وجہ سے کسی خوف اور دہشت میں مبتلا ہو رہا تھا اسے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اس پر کوئی ہاتھی پاؤں رکھ رہا ہے اس مسئلہ کے حل کیلئے صدقہ دلوایا گیا کہ اسے فوری طور پر ایک بکرا ذبح کرنا تھا یہ صدقہ دینے کے بعد گویا یوں ہوا کہ جیسے اس پر سے ہٹا لیا گیا ہو اور وہ پرسکون ہو گیا اس مظلوم کسان کو کہا گیا کہ اب تم دوسرے جانب یعنی کہ اپنے دشمن کی خبر لو اور ہمیں بتاؤ کہ اسکے ساتھ کیا بن رہی ہے پھر چند گھنٹوں بعد حضور بخش نے فون کیا۔ کہ شاہ صاحب اس ظالم زمیندار کی حالت بہت خراب ہو چکی ہے وہ چارپائی پر لیٹا ہوا بہت عجیب باتیں کرتا ہے کبھی کہتا ہے کہ مجھے موت نظر آ رہی ہے اور کبھی کہتا ہے کہ میرے اوپر جنات مسلط ہو گئے ہیں کبھی کہتا ہے کہ مجھے مردے کھڑے ہوئے بلا رہے ہیں پھر کبھی کہتا ہے کہ میرے جسم میں سوئیاں چبھ رہی ہیں کبھی کہتا ہے کہ مجھے کوئی بار بار کنکر مار رہا ہے اور میرے اوپر ہاتھی چڑھ کر بیٹھے ہوئے ہیں اسکی حالت بہت خراب ہو گئی ہے ابھی اس وظیفہ کو چند یوم ہوئے کہ کامیابی کی خبر آنا شروع ہو گئی۔

حضور بخش سے کہا کہ ابھی اس وظیفہ کو جاری رکھے اور چھوڑنا نہیں ہے کیونکہ پہلے بھی جیسے ہم نے اس کو تھوڑی سی ڈھیل دی تو یہ ظالم دوبارہ سے اپنی سرکشی پر اتر آیا لہذا ادھر سے ہم نے بھی اپنے وظیفہ کو مزید قوت دی اور اللہ کے حضور عاجزوانکساری کے ساتھ مدد طلب کی۔

فون پر رابطہ کرنے کے بجائے حضور بخش اگلے روز خود آ گیا اور کہنے لگا کہ صاحب اللہ نے آپ کو بہت زیادہ روحانی طاقت دی ہے، قرآنی وظیفہ کی بدولت وہ شخص غیر حالت کو پہنچ گیا ہے اب علاقہ کے مولوی اس نے بلا لیے اور کہا کہ مجھے اس عذاب سے بچاؤ ہمارے علاقہ کے ایک بہت بزرگ اور سمجھدار عالم ہیں وہ بھی اس ظالم زمیندار کے ہاں تشریف لے گئے تھے اب انھوں نے اس زمیندار سے فرمایا تم اپنے اعمال کی جانب دیکھا کہ تم نے کہیں کسی سے زیادتی کی ہے تو ایک ایک شخص کو بلا کر اسے معافی مانگو تو تمہیں اللہ اس عذاب سے باہر نکالے گا لیکن وہ باز نہ آیا اور کہنے لگا۔ کہ میں نے تو کبھی کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی میں حق پر ہوں میں نے زمین خریدی اس پر اس کی قیمت ادا کی ہے۔

حضور بخش نے بتایا کہ ظالم زمیندار میں اب بھی اکڑ باقی ہے وہ اللہ کی جانب سے دیئے گئے عذاب اور اس کی سختی کو سمجھ نہیں آ رہا آپ مزید کچھ اور اس کے لیے کریں تا کہ وہ اپنے ارادے سے باز آ جائے۔

حضور بخش کو سمجھایا کہ کوئی ایسی بات نہیں ابھی وظیفہ کو شروع کیے ہوئے صرف چند روز ہوئے ہیں ہم اس کو اس وقت تک جاری رکھیں گے جب تک ہمیں واضح نتائج نہیں مل جاتے اب آپ خود اندازہ کریں کہ ان ایام میں اس کا کیا حشر ہو گا، اس شخص کا کیا حال ہو گا؟

دوسری جانب اس ظالم زمیندار نے صدقہ کیلئے بزرگوں کے کہنے پر بکرے دیئے مگر اس کے باوجود اس کی حالت میں کوئی فرق نہ پڑا۔

اس سے پہلے ہم اپنے جاری وظیفہ کو دن میں ایک بار کرتے تھے اب ہم نے بھی اپنی طاقت بڑھائیں اور اس وظیفہ کو تین بار کرنا شروع کر دیا جس کا اثر یہ ہوا کہ وہ زمیندار ایک عجیب وغریب سے اور خیالات میں مبتلا ہو گیا کہ زندہ لاش رہ گیا لوگوں سے چیخ چلا کر کہتا کہ "مجھے بچاؤ، مجھے بچاؤ" ایسے ہیں وہ نہ جانے کہاں کہاں سے بھاری رقم دے کر روحانی معالجین یا جادو

ٹونے والوں کو بلاتا رہا کہ مجھے اس عذاب سے نجات دلاؤ، جادوٹونے والے منتر اور عجیب وغریب حرکتیں کرتے رہے پڑھتے رہے مگر کوئی فرق نہ پڑا، اب اس نے دوبارہ ان عالم سے رابطہ کیا انہوں نے یہی کہا کہ پہلے اپنے گناہوں کی معافی مانگو۔ علاقے کے عالم اور بزرگ جانتے تھے کہ اس ظالم شخص نے بہت سے غریب اور کمزور لوگوں کے ساتھ ظلم کیا ہے جس کی سزا اس کو مل رہی ہے مگر جادوٹونے والے جو کہ دوسرے علاقوں سے آئے ہوئے تھے اصل حقیقت کو سمجھ نہیں رہے تھے وہ اپنے جادوٹونے اور منتر پڑھتے رہے کہ ان کو خود سمجھ نہیں آرہی تھی کہ بلا آخر اس شخص کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟

حضور بخش اس کے ساتھ ہونے والے ہر واقعہ خبر کے ساتھ فون پر رابطہ میں تھا۔ جس جس کے ساتھ یہ ظالم زمیندار رابطہ کر رہا تھا اس نے بتایا کہ ان میں سے بیشتر کو جانتا ہوں کیونکہ عام طور پر گاؤں میں رہنے والے تمام لوگ پشت در پشت ایک دوسرے کو بہت اچھے طریقہ سے جانتے ہیں۔ اس نے بتایا کہ شاہ صاحب اگر یہ لوگ اتنے قابل ہوتے تو مجھے بھی اس سے عذاب سے نکال چکے ہوتے میں ان لوگوں کے پاس اس مسئلہ کیلئے کئی بار جا چکا ہوں ان کے پاس اتنی روحانی طاقت نہ تھی کہ وہ انصاف دلا سکتے ہیں۔ فکر نہ کریں یہ جتنی روحانی طاقت رکھتے ہیں مجھے اس کا علم ہے۔ احقر العباد محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے جواب دیا کہ حضور بخش یہ سب کچھ بتانے کی ضرورت نہیں ہے اللہ نے جو علم دیا ہے اس کے ذریعے مجھے ان لوگوں کی روحانی طاقتوں کا بھی پتہ چل رہا ہے اور دیگر جادو منتر ٹونے والے موجود ہیں۔ ان سب کو بھی منہ کی کھانی پڑے گی۔

چند یوم بعد اس نے بتایا کہ اب تک زمیندار ان لوگوں کو لاکھوں روپے دے چکا ہے پھر بھی اس کی وحشت، دہشت خوف اور عذاب میں کوئی کمی نہ آئی اب اس نے ہمارے علاقے کے ایک بہت معزز عالم سے دوبارہ رابطہ کیا ہے یہ وہی بزرگ عالم ہیں جنہوں نے اس ظالم زمیندار کو توبہ استغفار کرنے کا مشورہ دیا تھا اور جن لوگوں کے ساتھ اس نے زیادتی کی ان سب کو بلا کر معافی مانگنے کا کہا تھا۔

اس بار ان بزرگ کے ساتھ میں خود بھی جانے کے لیے تیار ہوا کل صبح کا وقت دیا گیا ہے اور ویسے بھی ہمارے وظیفہ کا کل آخری دن ہوگا کہ یوم مکمل ہو جائیں گے۔

احقر العباد محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے حضور بخش کو اجازت دی کہ وہ ضرور بزرگ عالم کے ساتھ ظالم زمیندار کے پاس جائیں اس نے بتایا کہ ہمارے ساتھ دیگر اور بھی معززین علاقہ اس کے پاس جائیں گے اور کچھ تو وہ لوگ بھی شامل ہیں جن سے اس ظالم زمیندار نے زبردستی کم رقم دے کر زمین ہتھیالی تھی۔

اِدھر دن میں تین بار ہم ہاتھی والا وظیفہ کر رہے تھے، کامیابی کیلئے اللہ کے حضور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر دعا بھی کر رہے تھے کہ اللہ ہماری غیب سے مدد فرمائے، پھر وظیفہ ختم ہونے کے اگلے روز بہت خوشی خوشی حضور بخش آیا اور اپنی روایتی عزت و تکریم کا اظہار کیا۔ اس بار اپنے علاقائی تحائف بھی ساتھ لایا تھا اس کے ہمراہ اس کے دو تین دوست تھے کہ ان کے ہاں عزت و تکریم کا بہت عجیب طریقہ تھا مگر پھر بھی اس کی دل آزاری نہیں کرنا چاہتا تھا اس نے پاؤں چھونے کی کوشش کی اسے منع کیا کہ اس طرح کی تکریم مجھے ہر گز پسند نہیں وہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو گیا۔

آپ نے میرا بہت بڑا مسئلہ حل کر دیا ہے کل بہت ہی بڑا واقعہ ہوا جس کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے تھے اس زمیندار نے علاقے کے معزز عالم کو بلایا اور پھر ان سے دعا کرنے کے لیے کہا، عالم صاحب نے فرمایا کہ میں تیرے حق میں دعا اس وقت کروں گا جب تک تو اپنے گناہوں کی معافی نہیں مانگے گا۔ اور خاص طور سے ان کمزور اور بے بس لوگوں سے ہاتھ جوڑ کر معافی نہیں مانگے گا جن کا حق تو نے مارا ہے، بہتر تو یہ ہے کہ تو ان سے اجازت لے کہ وہ بخوشی تجھے اگر زمین دینے پر تیار ہے تو جو رقم تو نے پہلے ان کو دی ہے اب مزید اتنی ہی رقم ان کو اور دے اور جو زمین دینے پر آمادہ نہیں تو اس سے کوئی بغض اور کدورت اپنے دل میں نہ رکھ۔

ان بزرگ عالم کی یہ بات سن کر پہلے تو وہ سوچ میں پڑ گیا پھر کچھ دیر بعد خوب کر رونے لگا اور کہنے لگا کہ مجھے کسی طرح اس عذاب سے نکالیں میں وعدہ کرتا ہوں کہ جیسا آپ نے فرمایا ہے ویسا ہی کروں گا۔

تمام دن اس کے ڈیرے پر یہ محفل لگی رہی کہ شام کا وقت گیا اب ایک ایک کر کے تمام لوگوں کو بلایا گیا جن کا حق اس نے مارا تھا کچھ لوگوں نے بخوشی اپنی زمین اسے دے دی اور کچھ نے دینے سے انکار کیا تو اس نے وعدہ کیا کہ ان کے زمین کے کاغذات واپس کر دے گا۔ اب اس کا اس پر کوئی حق نہیں جن لوگوں نے اپنی خوشی سے زمین دینے کا کہا اس نے تمام لوگوں کے سامنے وعدہ کیا کہ زمین کی جو بھی رقم باقی بچتی ہے ان لوگوں کو ضرور دے گا کہ بس اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے اور مجھے اپنی غلطی کی سزا مل رہی ہے جو میں نے کی۔ جو اپنی زمین نہ دینا چاہے میری اس سے کوئی ناراضگی نہیں اور جو نہی میں مکمل طور پر صحتیاب ہوا، ان شاء اللہ سب سے پہلے عمرہ کی ادائیگی کیلئے جاؤں گا۔ **بقیہ** ''صفحہ نمبر 34 پر''

خوف ناک زحل سے منسلک غلط فہمیاں

تحریر:۔عتیق الرحمان (کراچی)

مختلف برجوں پر اثرات ۔آئندہ ڈھائی سال کون رہے گا خوش حال ، کس کو رہنا پڑے گا محتاط!

ویدک آسٹرولوجی میں زحل کو عام طور پر بری چیزوں کا شگون سمجھا جاتا ہے اور ہم میں سے بیشتر آسٹرولوجر اور قارئین زحل کا لفظ سنتے ہی خوف میں مبتلا ہوجاتے ہیں جو زحل کے اثر ورسوخ اور سیاروں ومختلف گھروں میں اس کے اثرات کو لے کر پایا جاتا ہے یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ لوگ زحل کے بارے میں کیوں ڈرتے یا ڈراتے ہیں ویدک جوتش ویدیا کے اندر ہندو مائتھالوجی کے مطابق مستقل طور پر یا تو سیارہ سعد ہوگا یا نحس جیسا کہ مریخ نحس اصغر اور زحل نحس اکبر۔سوچنے کی بات ہے کہ جب سعادت ونحوست کے پیمانے اللہ پاک نے ہی مقرر نہیں کیے تو انسان کون ہوتا ہے یہ پیمانے مقرر کرنے والا آسٹرولوجی کے اندر سیاروں اور ان کے سعد ونحس اثرات کو لے کر ہندو مائتھالوجی کا تڑکا جابجا سننے اور پڑھنے کو ملے گا اور دیکھا دیکھی بنا سمجھے ہمارے اکثر افراد اسی پر عمل کرتے نظر آتے ہیں خود سے تحقیق وجستجو کرنے کی جسارت کوئی نہیں کرتا بس زائچہ دیکھا سمجھ کچھ آئے نہ آئے مگر منگل دوش یا زحل کی ساڑھ ستی لگا دی بس یہ سنتے ساتھ ہی بندہ اپنی آخری سانس گننے کی کوشش کرنے لگتا ہے یاد رکھیں کوئی بھی سیارہ بذات خود فطری اعتبار سے نحس نہیں البتہ کوئی سیارہ کسی فرد کے زائچہ میں گھر کے اعتبار سے نحس اثر دینے والا ہوسکتا ہے اس کی آسان مثال سمجھ لیں چینی نحس، بری یا حرام نہیں، مگر شوگر والے کیلئے منع ہے اللہ پاک نے جہاں کی تمام نشانیوں جن میں سیارے بھی شامل ہیں انسان کیلئے ایک حد تک مسخر کر دیے ہیں جن سے وہ ایک جائز طرز پر فائدے حاصل کرسکتا ہے۔

زحل کا اثر صرف ایسی چیز نہیں ہے جو زندگی میں خراب حالات یا اعمال کا باعث بنتا ہے دوسرے سیارے بھی ہیں جو منفی اثرات مہیا کرتے ہیں لیکن لوگ زحل کو نحس یا رکاوٹ والے اثرات کی طرف منسلک کر دیتے ہیں میں مگر ہمارا یقین ہے کہ لوگوں میں زحل کے بارے میں اس رائے کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے زمین پر زندگی پانچ ضروری عناصر کے ذریعہ کنٹرول کی جاتی ہے جو وجود آدم سے بھی منسلک ہیں ہوا، پانی، آگ، اسکائی اور زمین، ان پانچ ضروری عناصر میں سے ہوا براہ راست زحل کے کنٹرول میں ہے جیسا کہ کوئی دیکھ سکتا ہے اگر زحل کے اثرات ختم ہوجاتے ہیں تو زمین پر زندگی کا وجود ممکن نہیں ہوگا کیونکہ ہوا کے بغیر کوئی زندگی زندہ نہیں رہ سکتی جسمانی طور پر زحل ہمارے زمین پر نظامت کا سب سے خوبصورت سیارہ ہے جس کا زمین پر ٹھنڈا اور خشک ہوا کا اثر پڑتا ہے زحل اس وقت منفی اثر ڈالتا ہے جب یہ ٹھنڈا اور خشک اثر گرمی اور آگ سے پتلا ہوجائے ایسی حالتوں میں قدرتی طور پر تشدد، ہوائی حادثے، گیس وغیرہ جیسے بڑے حادثات پیش آتے ہیں اور یہ انسانی جسم میں گیسٹر واور دمہ کے اثرات کا باعث بھی بنتا ہے زحل جب بھی کسی کے چھ، آٹھ، بارہ گھر کا مول ترکون حاکم ہوگا تو وہ اس زائچہ میں نحس اثر دینے والا سیارہ کہلائے گا برتھ چارٹ میں زحل جس بھی گھر میں نحس ہوکر جائے گا اس گھر کی منسوبات کو ڈسٹرب کر کے رکھ دے گا زیادہ سختی اس وقت ہوگی جب کہ سعد گھروں کے حاکم سیارے بھی کمزور ہوں اور زحل طالع کی ڈگری کے پاس ہو نحس گھر کا مالک ہوکر زحل جب کسی کے طالع کی ڈگری پر 5 درجہ کے آگے پیچھے ٹرانزٹ کرے گا تب جس گھر میں موجود ہوگا اس کی منسوبات اور اپنے گھر سے جن گھروں کو ناظر ہوگا ان کی منسوبات کو بھی پنپنے نہیں دے گا اور رکاوٹیں پیدا کرے گا اسی طرح زحل یا کوئی بھی سیارہ زائچے کے خانہ چھ، آٹھ، بارہ میں فعلی سعد ہوکر براجمان ہوگا تو کمزور تصور کیا جائے گا، اس کے علاوہ زحل جس بھی طالع کیلئے سعد گھروں کا حاکم ہوکر سعد گھروں میں موجود ہو یا پھر سعد ادوار کے ساتھ اچھے گھروں میں ٹرانزٹ کرے تو جس گھر میں جس طالع کیلئے زحل طاقتور پوزیشن کا حامل ہوگا اچھے اثرات دے گا رکے ہوئے کام ہونے لگے گے زندگی میں استحکام پیدا کرے گا پیشہ ورانہ رکاوٹیں دور ہونے لگے گی جائداد کا حصول ممکن ہوگا وغیرہ وغیرہ ہر طالع کیلئے زحل کا اچھا یا برا ثمرہ الگ الگ فوائد یا نقصان لاتا ہے اور یہ بات بھی اشارتاً نوٹ فرما لیں کہ زائچہ کی کمزوری کا پیمانہ صرف برتھ چارٹ سے ہی نہیں دیکھا جاتا مزید اصولوں کو بھی مدِنظر رکھنا پڑتا ہے۔

سیارہ زحل 23 جنوری 2020ء کو برج جدی میں آچکا ہے اور جنوری 2023 تک اسی برج میں قیام کرے گا مختلف بروج میں زحل کیا کیا نتائج دے گا اپنے ویدک برتھ چارٹ کے مطابق پڑھیں۔

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457 ادارہ روحانیات

برج حمل: سیارہ زحل اس برج کے دسویں اور گیارھویں گھر کا حاکم سیارہ ہے تقریباً ڈھائی سال سیارہ زحل برج جدی میں قیام کرتے ہوئے حمل والوں کے دسویں گھر میں ہوگا تو پیشہ ورانہ کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ اور عزت وشہرت کا باعث ہوگا حمل والوں کو دوست احباب سے بھی بھرپور تعاون حاصل ہوگا اور کاروباری طور پر ترقی کریں گے امید وخواہشات پوری ہونے کے ساتھ ہی رہائشی معاملات گھریلو زندگی اور پراپرٹی یا سواری سے متعلق امور میں بہتری آئے گی اثاثوں میں اضافہ اور پارٹنرشپ سے بھی فوائد حاصل ہوں گے برج حمل والوں کیلئے سیارہ زحل فعلی سعد سیارہ ہے۔

برج ثور: سیارہ زحل اس برج کا فعلی سعد سیارہ ہو کر نویں اور دسویں گھر کا حاکم ہے آئندہ ڈھائی سال زحل زائچے کے نویں گھر میں حرکت کرتے ہوئے برج ثور والوں کی قسمت کو چار چاند لگا دے گا چونکہ جدی برج ثور والوں کیلئے قسمت کا گھر ہے لہذا آمدن میں اضافے کے ساتھ نئے مواقع حاصل ہوں گے جس کی بنا پر وہ اپنی پوزیشن کو مستحکم کر سکیں گے مذہبی اور روحانی طور پر بھی ان کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی قانونی نوعیت کے مسائل کا سامنا ہے تو اب ان کو حل کرنے میں آسانی ہوگی۔

برج جوزا: والوں کے لیے سیارہ زحل کا بنیادی برج دلو ہے جو کہ ان کی قسمت ومستقبل کے امور کے ساتھ روحانی مذہبی وقانونی معاملات بھی اسی گھر سے متعلق ہیں سیارہ زحل آئندہ ڈھائی سال برج جوزا والوں کے زائچے میں آٹھویں گھر میں رہ کر کمزور پوزیشن میں ہوگا جس کی بنا پر مختلف کاموں میں رکاوٹوں کا سامنا رہے گا پیشہ ورانہ امور اور اعلیٰ تعلیم سے متعلق معاملات میں بھی مشکلات پیش آئیں گی البتہ جب زحل بہتر پوزیشن میں ہوگا تو آٹھویں گھر سے متعلق منسوبات میں مثبت تبدیلیاں لائے گا۔

برج سرطان: برج سرطان والوں کے لیے سیارہ زحل آٹھویں نحس گھر کا حاکم ہونے کی وجہ سے فعلی نحس ہو کر خراب اثر رکھتا ہے، برج جدی میں سیارہ زحل کا آئندہ ڈھائی سالہ قیام زائچے کے ساتویں گھر میں ہوگا جس کی بنا پر سرطانی افراد کو قانونی مسائل کا سامنا رہ سکتا ہے ان کو اپنی پراپرٹی کے معاملات پر توجہ دینے کی ضرورت ہوگی صحت بہتر رہے گی مگر کاروباری یا ازدواجی پارٹنرشپ میں مسائل کا سامنا رہے گا اس کے علاوہ شریک حیات یا والدین کی صحت کے مسائل بھی پریشان کر سکتے ہیں سفر کرنے میں احتیاط اور کسی کام میں جلد بازی اختیار نہ کریں تاکہ ہسپتال کا خرچہ بچ سکے البتہ زحل کی یہ پوزیشن وراثتی نوعیت کے مسائل کو حل کرنے میں مددگار ثابت ہو سکے گی پہلی یا دوسری شادی کے امکان بھی موجود ہیں۔

برج اسد: اس برج والے افراد کے لیے سیارہ زحل زائچے کے چھٹے اور بنیادی مول ترکون برج ساتویں گھر کا حاکم ہے لہذا اسدی افراد کے لیے زحل موافق اور سعد اثر رکھنے والا سیارہ ہے لیکن برج جدی میں زحل کا قیام تنازعات امراض اور قانونی مسائل لاسکتا ہے سیارہ زحل کی چھٹے گھر میں حرکت پزیری منفی اثرات کی حامل ہے جس کی بنا پر شادی میں رکاوٹ یا ازدواجی زندگی میں تنازعات کا خدشہ رہے گا قانونی مقدمات صحت کے مسائل یا کاروباری پارٹنرشپ میں اختلافات کا سامنا رہ سکتا ہے صحت کے معاملات میں بھی خرابیوں کا امکان ہے زحل چونکہ ہڈیوں پر بھی دلالت کرتا ہے لہذا خصوصاً ہڈیوں کے مسائل اور فریکچر وغیرہ کا اندیشہ ہے ملک سے باہر رہنے والوں کو بھی محتاط رہنے کی ضرورت ہے ایسے مسائل میں زحل کا صدقہ لازمی دیں۔

برج سنبلہ: سیارہ زحل برج سنبلہ والوں کے لیے فعلی منحوس ہو کر چھٹے گھر کا حاکم ہے لہذا سنبلہ والوں کیلئے نحس اثر رکھتا ہے برج جدی چونکہ برج سنبلہ والوں کے لیے پانچواں گھر ہے زحل کا اس برج میں قیام سنبلہ والوں کے مزاج میں جارحیت اور سختی لائے گا جسکی وجہ سے وہ نئے تنازعات میں ملوث ہو سکتے ہیں یہ صورت حال خوشیوں میں محرومیوں کے ساتھ اولاد سے متعلق مسائل بھی پیدا ہوں گے انھیں آنتوں جگر اور تلی سے متعلق بیماریاں پریشان کر سکتی ہیں زحل کی ٹرانزٹ خراب پوزیشن میں ان مسائل کا سامنا رہے گا لیکن جب زحل اچھی پوزیشن میں ہوگا تو صحت بہتری کام اور مالی امور میں فوائد حاصل ہوں گے قانونی نوعیت کے مسائل سے نکلنے میں مدد ملے گی۔

برج میزان: سیارہ زحل برج میزان والوں کے لیے سعد ترین سیارہ ہونے کی وجہ سے نہایت اہمیت کا حامل ہے سیارہ زحل کا تقریباً ڈھائی سالہ برج میزان کے چوتھے گھر میں قیام فائدہ بخش ثابت ہوگا برج جدی میں قیام کے دوران میں پراپرٹی کا حصول بہتر رہائش کا امکان والدین سے خوشیاں تعلیمی سہولیات کا حصول ممکن ہو سکے گا میزانی بچے اچھی تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں گے پیشہ ورانہ معاملات اور کاروباری امور میں ترقی ہوگی غیر شادی شدہ افراد کو معقول لائف پارٹنر مل سکے گا اور صحت بھی بہتر رہیگی۔

برج عقرب: والوں کیلئے سیارہ زحل سعد اثر رکھنے والا سیارہ ہے زحل کا زائچے میں تیسرے گھر میں قیام کی وجہ سے عقربی افراد بہتر فیصلے اور عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کر سکے گا اپنے قریبی رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں سے انہیں تعاون ملے گا قسمت ساتھ دے گی گھریلو خوشیاں میسر آئیں گی اگر عقربی افراد کوئی تعمیری منصوبے شروع کریں تو کامیابی حاصل کر پائیں گے ایسے عقربی افراد جو بیرون ملک رہائش اختیار کرنا چاہتے ہیں

تو اس میں بھی کامیابی ممکن ہے۔

برج قوس: سیارہ زحل برج قوس والوں کے لیے سعد سیارہ اور اچھا اثرات کا حامل ہے زحل زائچے کے تیسرے گھر کا حاکم ہو کر دوسرے گھر میں رہتے ہوئے اپنی سعد پوزیشن میں نہایت اچھا اثر دے گا ذرائع آمدنی میں استحکام کے ساتھ حیثیت میں اضافہ ہوگا محنت اور جدوجہد کا معقول معاوضہ ملے گا پیشہ ورانہ اور سوشل زندگی میں بہتری آئے گی ذاتی رہائش سے متعلق کاموں میں بھی زحل کی یہ پوزیشن مددگار ثابت ہوگی اثاثوں میں اضافہ ہوگا۔

برج جدی: سیارہ زحل برج جدی والوں کا ضلعی حاکم سیارہ ہے اور سعد اثر رکھتا ہے زائچے کے پہلے گھر میں زحل کا ڈھائی سالہ قیام زندگی میں سکون اور آزادی کی نشاندہی ہے سابقہ سالوں میں زحل زائچے کے بارھویں گھر میں رہا جس کے وجہ سے میں برج جدی والوں نے خاصا مشکل وقت گزارا لیکن اب مشکل وقت اختتام پزیر ہوا فیملی لائف اور صحت بھی بہتر رہے گی پیشہ ورانہ مسائل حل ہوں گے اچھی جاب یا کاروبار میں ترقی کا امکان بھی موجود ہے برج جدی والوں کی اپنے کاموں میں کوشش میں تیز ہو جائیں گی غیر شادی شدہ افراد کی شادی بھی ممکن ہے عزت و وقار میں اضافہ ہوگا لیکن زحل کی ٹرانزٹ کمزور پوزیشن ان معاملات کو روک دے گی لہذا کسی بھی نئی سرمایہ کاری میں محتاط رہیں۔

برج دلو: سیارہ زحل برج دلو والوں کیلئے پہلے گھر کا حاکم ہے زحل کا قیام آئندہ ڈھائی سال برج دلو والوں کے بارھویں گھر میں ہوگا سیارے کی بارھویں گھر میں یہ پوزیشن موافق اثر نہیں رکھتی لہٰذا دلو والوں کو آئندہ ڈھائی سال محتاط انداز میں گزارنے کی ضرورت ہے زندگی میں نقصانات کا اندیشہ مستقبل کے خوف پریشان کریں گے اس عرصے میں کسی غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا اندیشہ موجود ہے والدین کو دلو بچوں پر خصوصاً نظر رکھنے کی ضرورت ہے اگر پیدائشی زائچے میں زحل اور مریخ کی ناقص و کمزور پوزیشن موجود ہے تو یہ صورت حال زیادہ تشویش کا باعث بن سکتی ہے برج دلو والے افراد روحانیت کی طرف بھی راغب ہو سکتے ہیں مگر خیال رہے کہ عموماً جس کو آپ روحانیت سمجھ رہے ہیں وہ آپکے دنیاوی معاملات کے اصول کو ممکن بنانے کا غلط راستہ بھی ہو سکتا ہے لہذا کسی بھی ماروائی یا سحری سوچ کو قریب نہ آنے دیں زحل کا یہ قیام معمولی اخراجات و سرمایہ کاری میں نقصان کا خدشہ بھی ظاہر کرتا ہے زحل کے صدقہ کا اہتمام لازمی کریں۔

برج حوت: سیارہ زحل برج حوت والوں کیلئے فعلی منحوس ہو کر بارھویں گھر کا حاکم ہے لہٰذا خس اثر رکھتا ہے زائچے کے گیارھویں گھر میں زحل کا ڈھائی سالہ قیام امید و خواہشات و اخراجات میں اچانک رکاوٹ ڈال دے گا برج حوت والے چونکہ بے حد حساس مزاج ہوتے ہیں لہذا یہ پوزیشن حوت والوں کیلئے اکثر شدید ڈپریشن لاتی ہے یہ عرصہ حوت والوں کو ہمدردوں اور دوستوں سے دور رکھ سکتا ہے کاروباری نقصانات پروموشن میں رکاوٹ یا مایوسی کا سامنا اور ناپسندیدہ جگہ تبادلہ کا بھی امکان موجود ہے محبت اور اولاد سے متعلق مسائل بھی پیدا ہوں سکتے ہیں لہذا اپنے تمام معاملات میں احتیاط کریں کسی غلطی کا خمیازہ زیادہ دیر تک جھیلنا پڑ سکتا ہے جس کا نتیجہ لمبے عرصے تک پچھتاوے کے سوا کچھ نہیں۔

زحل جن بروج کیلئے فعلی منحوس اثر رکھتا ہے جیسے سرطان، سنبلہ، حوت والے افراد زحل کا صدقہ ضرور ادا کریں بوڑھے غریب نادار افراد کی خدمت کریں یا کالے ماش کا صدقہ دیا کریں جن بروج کیلئے زحل فعلی سعد گھروں کا حاکم ہے مگر پیدائش زائچہ میں کمزور پوزیشن کا حامل ہے اور ادوار سیارگان میں مہادشا یا انتر دشا بھی زحل کی چل رہی ہو تو ایسے افراد کو زحل کی کمزوری کو دور کرنے کیلئے نیلم پہننا یا لوح زحل لازمی پاس رکھنی چاہیے مگر خیال رہے پیدائشی زائچہ اور ڈویژنل چارٹ میں زحل کی پوزیشن کو مدّ نظر رکھ کر ہی لوح زحل یا نیلم پہنیں بعض اوقات نیلم پہننا کسی خاص نقصان کا سبب بھی بن سکتا ہے اسکے علاوہ کسی بھی شخص کو اپنی تاریخ پیدائش یا وقت پیدائش معلوم نہ ہو اور فرد کسی بھی رکاوٹوں یا پریشانیوں یا حالات کی سختی میں مبتلا ہو تو ایسے اشخاص اپنے نام کے مفرد عدد کے مطابق اسمائے اعظم کی لوح اپنے پاس رکھیں یا پھر شرف زہرہ کے خاص اوقات پر بنائی گئی لوحِ تسخیر اعظم رکھیں جس سے حالات کی سختی کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

اگر کوئی شخص اپنا برتھ چارٹ یعنی پیدائشی زائچہ بنوانا چاہے تو اسی رسالہ کے آخر میں شائع کردہ کوپن مکمل کوائف کے ساتھ پُر کر کے روانہ کرے۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**



حضرت نعمت شاہ ولی اللہ

تحریر:۔ڈاکٹر محسن ملک (کراچی)

قرب قیامت کی نشانیاں

قیامت تک کی سچی پیشن گوئیاں

بیت المقدس کے مسلم ہیرو :۔عمادالدین نور الدین زنگی اور صلاح الدین ایوبی نے جب بیت المقدس کو فتح کیا تو انہوں نے بھی حضرت عمرؓ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عیسائیوں کو بے پناہ رعائتیں مراعات عطا کیں۔غازی صلاح الدین ایوبی کا میدان جنگ میں دشمن کے ساتھ بہترین سلوک کا ایک واقعہ تو تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔واقعہ یہ ہے کہ میدان جنگ میں عیسائیوں کا بادشاہ رچرڈ اور غازی صلاح الدین ایوبی ایک دوسرے کے بالکل مقابل آگئے۔رچرڈ بھی کم بہادر نہیں تھا۔ دونوں کے درمیان سخت مقابلہ جاری تھا کہ اچانک رچرڈ کے ہاتھ سے تلوار چھوٹ کر نیچے گر گئی۔صلاح الدین ایوبی نے ہاتھ روک لیا۔اسی اثنا میں دوسرا مسلمان مجاہد جو رچرڈ کے پیچھے تھا اس کا سر قلم کرنا چاہتا تھا مگر صلاح الدین نے اسے بھی روک دیا جب تک رچرڈ کے ہاتھ میں تلوار نہیں آئی مقابلہ بند رہا۔جب اس کے ہاتھ میں تلوار آگئی تو مقابلہ دوبارہ شروع ہوا۔اسے کہتے ہیں حقیقی بہادری کیا کوئی اور قوم اس کی مثال پیش کر سکتی ہے۔مسلمان کبھی نہتے دشمن پر ہاتھ نہیں اٹھاتا اور نہ مجبور، معذور اور کمزور پر ہاتھ اٹھاتا ہے وہ بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کو بھی قتل نہیں کرتا۔وہ فصلوں کو بھی تباہ نہیں کرتا۔یہ مسلمان کی شان ہے۔عام طور پر تمام مسلم فاتحین نے اسی کردار کا مظاہرہ کیا ہے جبکہ عیسائیوں نے ہر جگہ اپنی درندگی اور بربریت کی مثالیں قائم کی ہیں۔

اسپین سے مسلمانوں کا خاتمہ:۔ اسپین پر مسلمانوں کے حملہ اور قبضہ کی وجہ یہ تھی کہ وہاں کے عیسائی حکمرانوں اور پادریوں نے مل کر پورے ملک میں عوام کو ظلم وستم کا نشانہ بنا رکھا تھا اور شاہی دربار تو عیاشی کا زبردست مرکز بنا ہوا تھا۔سبط کے حکمران جولین نے جو عیسائی تھا اپنی بیٹی فلورنڈا کو دربار اندلس میں شاہی خاندان کی نگرانی میں اس غرض سے چھوڑ رکھا تھا کہ اس کی تربیت شاہی ماحول میں ہو۔پہلے اس قسم کا دستور تھا۔ اندلس کے بادشاہ اس پر بھی ہاتھ صاف کر دیا۔لڑکی بڑی مشکل سے بادشاہ کے چنگل سے نکل کر اپنے باپ جولین کے پاس پہنچی اور اس نے بادشاہ کی درندگی کی داستان سنائی تو اس کا خون کھولنے لگا لیکن وہ بادشاہ کے خلاف آواز بلند نہیں کر سکتا تھا چنانچہ وہ افریقہ میں اسلامی مقبوضات کے وائسرائے موسیٰ بن نصیر کے پاس پہنچا اور اپنی فریاد سنا کہ امداد کا طالب ہوا۔موسیٰ نے جب درد بھری داستان سنی تو اس نے طارق بن زیاد کو اندلس پر حملہ کرنے کا حکم دیا تا کہ اسپین کی رعایا کو بادشاہ کے ظلم وستم سے نجات دلائی جائے جب طارق نے اسپین فتح کیا تو وہاں کے عیسائی عوام نے بڑی مسرت کا اظہار کیا اور ہر جگہ طارق کو خوش آمدید کہا گیا یہ تھی اسپین پر حملہ کرنے اور اس پر قبضہ کرنے کی وجہ۔مسلمانوں نے جب تک اسپین پر حکومت کی عیسائیوں کے ساتھ بہترین سلوک کیا اور انہیں ترقی کے تمام مواقع فراہم کئے لیکن جب عیسائیوں نے اسپین پر قبضہ کیا تو مسلمانوں پر اس قدر ظلم کیا کہ وہاں سے ان کا نام ونشان تک مٹا دیا۔لاکھوں افراد کو تہہ تیغ کر دیا۔ان کی املاک کو تباہ کر دیا گیا یا ان پر قبضہ کر لیا گیا مورخین کے کہنے کے مطابق عیسائیوں نے ایسی بربریت اور درندگی کا ثبوت دیا جیسا کہ وہ بیت المقدس کی فتح پر دینے جا چکے تھے۔

جنوبی ایشیا میں مظالم :۔جنوبی ایشیاء میں عیسائی تاجروں کے بھیس میں آئے اور یہاں آکر انہوں نے کلکتہ میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کی۔مغلوں سے تجارتی سہولتیں حاصل کرنے کے بعد انہوں نے ان سہولتوں کا بے جا استعمال جلد ہی شروع کر دیا اور انہیں کی حکومت کے خلاف سازشیں شروع کر دیں۔مسلمانوں کو ان سازشوں کا علم اس وقت ہوا جب معاملہ بہت آگے بڑھ چکا تھا۔پھر بھی مسلمانوں نے کئی محاذوں پر ان سے جنگ کی۔سلطان حیدر علی، سراج الدولہ اور ٹیپو سلطان کے نام اس سلسلہ میں ہمیشہ یاد رہیں گے۔اس کے بعد جنرل بخت خان اور بہادر شاہ ظفر نے انگریزوں کے خلاف زبردست جہاد کیا لیکن افسوس کے بعض ریاستوں کے راجاؤں مہاراجاؤں اور نوابوں نے غداری کی جس کی وجہ سے مسلمانوں کو جیتی ہوئی جنگ ہارنا پڑی۔جب دہلی کے لال قلعہ پر انگریزوں کا قبضہ ہو گیا تو انہوں نے ضعیف بادشاہ بہادر شاہ ظفر پر بھی ترس نہیں کھایا اس کے اہل خاندان کو ذبح کر دیا اور اسے کلکتہ پہنچا کر قید کر دیا۔اس کے بعد لاکھوں مسلمانوں کو شہید کر دیا گیا۔گھروں اور بازاروں کو نذر آتش کر دیا گیا اور خوب لوٹا گیا۔تاریخی عمارتوں اور قلعوں کو نوادرات سے محروم کر دیا گیا۔دہلی کو مکمل

طور پر برباد کر دیا جو مسلمانوں کا ایک عظیم شہر او مسلمان بادشاہوں کا دارالحکومت تھا۔ کیا عیسائیوں کے ان سیاہ کارناموں کو مسلمان کبھی بھلا سکتے ہیں۔ اس ظلم وستم کو کبھی نہیں بھلایا جاسکتا۔ جنوبی ایشیاء پر قبضہ کرنے کے بعد انگریزوں نے ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں پر ظلم کیا اور انہوں نے ایسے ہندوؤں کو بھی دار پر چڑھایا جنہوں نے جنگ آزادی میں مسلمانوں کا ساتھ دیا تھا لیکن جنگ کے خاتمہ کے بعد انہوں نے ہندوؤں کو نظر انداز کر دیا مگر مسلمانوں کی تباہی کا سلسلہ جاری رکھا۔ انہوں نے مسلمانوں پر تعلیم کے دروازے بند کر دیئے۔ انہیں ملازمتوں سے محروم کر دیا گیا۔ ان کی جائیدادیں ضبط کر لیں، کھیتیاں اجاڑ دیں۔ الغرض انہیں کہیں کا نہیں رکھا، لیکن مسلمان غلامی کی زندگی کو کبھی قبول نہیں کرتا۔ جنوبی ایشیا میں وہ وقت پھر آ گیا جب مسلمان انگریزوں کو اس ملک سے نکالنے کیلئے متحد ہو گئے او انہوں نے زبردست جنگ شروع کر دی۔ ہندوؤں نے پھر اس موقعہ پر ان کا ساتھ دیا۔ کیوں کہ وہ انگریزوں کے ظلم وستم کو ابتک بھلا نہیں سکے تھے۔ مگر انگریز ان دونوں سے ہوشیار نکلا اس نے دونوں کے درمیان اختلاف پیدا کر دیئے اور یہ دونوں ایک دوسرے کے دشمن ہو گئے۔ انگریز نے یہ اختلاف اس لئے پیدا کیا تھا تا کہ یہ دونوں قومیں آپس میں لڑتی رہیں۔ او وہ ان پر حکومت کرتا ہے مگر اس کے باوجود انگریز کو اپنے مقصد میں کامیابی ہوتی نظر نہیں آتی اور اس نے یہی مناسب سمجھا کہ چونکہ اب اس ملک پر براہ راست حکومت نہیں کی جا سکتی اس لئے اسے خیر باد کہا جائے اور جاتے وقت اپنی حکمت عملی سے ایسا ماحول پیدا کر دیا جائے تا کہ دونوں قومیں ہمیشہ لڑتی ہیں او ایک متحد اور منظم طاقت بن کر نمودار نہ ہو سکیں جو سامراجیوں کی تباہی کا باعث بن جائیں۔

ترکی کی عظیم خلافت کا خاتمہ:۔ عیسائیوں نے اسی مقصد کے تحت نہایت خوف ناک سازشوں کے ذریعے ترکی کی عظیم خلافت کا خاتمہ کر دیا او اپنے مقصد میں کامیاب رہا اسی مقصد کے تحت برصغیر کو دو حصوں میں منقسم کیا۔ اس مقصد کے تحت پاکستان کے دو حصے کروائے اور اسی مقصد کے تحت اسلامی ملکوں کو ایک دوسرے سے لڑا رہا ہے او مشرق وسطیٰ اور افریقہ کے مسلمانوں کا سر کچلنے کیلئے اس نے یہودی ریاست اسرائیل کو جنم دیا ہے۔ ترکی خلافت کے سلسلہ میں اگر عیسائیوں اور یہودیوں کی سازشوں پر سے تھوڑا سا بھی پردہ اٹھایا جائے تو مسلمان دنگ رہ جائیں گے۔ برطانیہ کی عیسائی حکومت نے تمام اسلامی ملکوں میں جاسوسی کا جال بچھا رکھا تھا جو گوشہ گوشہ میں موجود تے وہ عربی، فارسی او ترکی زبانیں اس طرح بولتے تھے جیسے وہ ان کی مادری زبانیں ہوں اور عام مسلمانوں میں گھل مل جاتے تھے اور انہیں اپنا دوست بنا لیتے تھے اور ان کے ذریعے وہ شر او فساد کی فضا ہموار کرتے تھے۔ فرقہ وارانہ فساد کروائے تھے۔ شیعہ سنی مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف اکساتے تھے۔ خلافت سے نفرت دلاتے تھے یہ تمام جاسوس برطانیہ کی نو آبادیاتی علاقوں کی وزارت کی زیر ہدایت کام کرتے تھے اور ان کا خاص کام یہ تھا کہ مسلمانوں کے درمیان تفریق پیدا کی جائے ان کے عقائد او تعلیمات کو مسخ کیا جائے انہیں عیاشی کا خوگر بنایا جائے۔ جذبہ جہاد کو سرد کیا جائے لہو ولعب میں مبتلا کیا جائے اور بالخصوص ان کے نظریہ قومیت پر کاری ضرب لگائی جائے تا کہ وہ ایک مرکز پر کبھی جمع نہ ہو سکیں۔ انہوں نے سب سے زیادہ توجہ اسی پر دی اور اسلامی نظریہ قومیت پر کاری ضرب لگائی اور ایسے نظریہ قومیت کا پرچار کیا جس کی بنیاد عقائد پر نہیں بلکہ وطنیت، زبان، نسل اور جغرافیائی حدود پر رکھی گئی۔ یہودیوں اور عیسائیوں کے نمائندے اور کارندے او جاسوس مسلمانوں کی صفوں میں پہلے سے موجود تھے۔ انہوں نے اپنی تمام توانائیاں مسلمانوں کے درمیان اسی نظریہ کو مقبول بنانے پر صرف کر دیں اور بالآخر وہ اپنے مقصد میں توقع سے زیادہ کامیاب ہو گئے۔ اب مسلمان ایک قوم نہیں تھے بلکہ ان میں کئی قومیں وجود میں آ چکی تھیں اور وہ اپنے وطن کی بنیاد پر خود کو علیحدہ قومیں تصور کرنے لگی تھیں۔ گویا انہوں نے قرآن کے نظریہ قومیت سے منہ موڑ لیا تھا۔

لوح مشتری

عزت، مال، دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی ،12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال وزر کا خزانہ۔ (اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔)

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192

0333-6158193

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے دوپہر فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ اتوار۔

0300-6351192

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زُہرہ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	03	0838 تا 09:35	11:30 تا 12:27	مغرب	22:22 تا 23:24	جنوب

ناجائز تعلقات کا خاتمہ

(مقصد) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا سینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے وظیفہ کیا جا سکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کے لیے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے اس وظیفہ کو کیا جا سکتا ہے۔

(وظیفہ) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔ اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو ان شاءاللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آجائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اِس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے

اھطم فشذ ھب ھب لا مھو لا ھتا۔

نقش بنانے کے لیے 442 عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی بجائے اپس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

عطارد تسدیس زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	05	09:35 تا 11:30	16:16 تا 18:12	شمال مغرب		

اس وظیفہ کو کریں اور محبت کا اظہار کرلیں

(مقصد) سیاروں کی اس نظر کے تحت دوستی اور محبت پیدا کرنے کے لیے وظیفہ کیا جاتا ہے ایسے شخص جو کہ عرصہ دراز سے کسی کو چاہتے ہوں مگر اُس سے اظہار نہ کر سکتے ہوں۔ دیئے گئے وظیفہ سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(وظیفہ) مقررہ وقت پر اول آخر درود شریف 20 بار پڑھیں لیکن اس سے قبل اپنے منہ میں پانی بھر لیں تمام ورد دل ہی دل میں پڑھا جائے گا درود شریف پڑھنے کے بعد 20 بار **یا بدوح** پڑھیں آخر میں اس پانی کو کسی پاک صاف برتن میں نکال دیں اور جس شخص کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنانا ہو اس کے چند قطرے کسی بھی چیز میں ملا کر اُس کو پلا دیں۔ تاحیات وہ شخص تابع رہے گا، مگر اس راز کو کسی سے نہ کہیں ورنہ یہ وظیفہ باطل ہو جائے گا۔

نقش بنانے کیلئے عدد 20 میں طالب اور مطلوب کے نام مع والدہ کے شامل کریں، مخمس آبی، بادی پیتل کی تختی پر پُر کریں اس تختی کو مختلف رنگوں کے کپڑے میں لپیٹ کر عطر اور گلاب کی خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں مطلوب کے سامنے جاتے ہی 20 بار **یا بدوح** سانس اندر کی جانب کھینچتے ہوئے پڑھیں اول آخر درود شریف 1 بار پڑھا جائے گا۔ سانس باہر نکالتے ہوئے مطلوب کے چہرے کی جانب پھونک دیں حیرت انگیز نتائج برآمد ہونگے ان شاءاللہ۔

شمس تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	11	09:31 تا 10:29	16:19 تا 17:18	جنوب	23:24 تا 00:26	شمال مغرب

مفت کی دولت حاصل کرنے کا وقت

(مقصد) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے ورد میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس ورد کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(وظیفہ) 1 تسبیح استغفار + 21 بار درود شریف + 21 سورہ مزمل + 21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی "**یا مغنی یا زکی**" "**یا مغنی یا لطیف**" 7 بار لکھیں اس کاغذ کو

نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد دی گئی ساعت میں 117 بار کریں۔

شمس تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	20	09:20 تا 10:21	12:22 تا 13:22	شمال مغرب	19:34 تا 20:28	شمال مشرق

بندش روزگار کا خاتمہ خواہشات کی تکمیل

(**مقصد**) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے ذیل کا وظیفہ کیا جا سکتا ہے۔

(**وظیفہ**) درج بالا ساعت میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوہارا لیں اور نہار منہ اس پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھا لیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

زہرہ تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	28	07:40 تا 08:38	17:14 تا 18:12	شمال	04:36 تا 05:40 29 فروری	مشرق

من پسند رشتہ ملے تسخیر خلق بھی حاصل ہو

(**مقصد**) درج بالا نظر میں اگر کسی مخصوص جگہ رشتہ طے کرنا چاہیں یا تسخیر محبوب کا ارادہ ہو یا میاں بیوی میں ناچاقی رہتی ہو یا تسخیر خلق چاہتے ہوں تو اس خاص وظیفہ سے اپنی زندگی بھر کیلئے ایک نایاب اور پُر تاثیر سرمہ تیار کر سکتے ہیں۔

(**وظیفہ**) درج بالا جدل میں جیسے ہی پہلی ساعت کا آغاز ہو اس میں باوضو ہو کر سرمہ کو عرق گلاب میں کھرل کرنا شروع کر دیں جتنی دیر تک آپ کھرل کرتے جائیں اس دوران لاتعداد **یا ودود** کا ورد رکھیں۔ بوقت نظر بخور زہرہ روشن کریں رجال الغیب نظر میں ہو جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے کام بھی ختم کر دیں پھر دوسری ساعت کا انتظار کریں اور اسی کو درج بالا طریقہ سے دہرائیں غرض کہ نظر کا اختتام ہو جائے تو کھرل کرنا بھی ختم کر دیں۔ اس میں تعداد کی کوئی حد نہیں بس ساعت کے آغاز سے ہی لاتعداد پڑھتے جائیں۔ تصور اور یکسوئی پختہ ہو دوران کھرل کھانا پینا بولنا منع ہے۔ منہ میں میٹھی چیز رکھیں خاص طور سے مصری اور شہد ہو تو بہت قوت پیدا ہو جاتی ہے اول آخر درود **ودود** تین بار پڑھیں۔ یہ زندگی بھر کی ایک بار کی محنت ہے ایسا پُر تاثیر سرمہ تیار ہوگا کہ

الودود صلی الہ محمد وآلہ اھل بیت انك رحیم الودود

نوروز عالم افروز

نوروز عالم افروز 20 مارچ 2020ء بروز جمعہ 08 بجکر 50 منٹ پر صبح کے وقت ہوگا۔ اس دوران شمس برج حمل کے صفر درجہ پر ہوتا ہے۔ اس وقت شاکا تقویم کے مطابق نئے سال 1942 کا آغاز ہوگا اس نئے شاکا سال کی ابتداء میں بوقت نوروز سوا کلو گندم سوا کلو باجرہ اور سوا کلو سوجی پرندوں اور حشرات الارض کو ڈالی جائے تو مکمل سال آفات، بلیات اور مصیبتوں سے محفوظ رہیں گے۔ نوروز عالم افروز پر جعفریہ اور مزمل روحانی جنتری 2020ء میں خاص مضامین شائع کئے گئے ہیں۔

عطارد در دلو (مستقیم)

سیارہ عطارد جو کہ جوزا اور سنبلہ کا حاکم مانا جاتا ہے۔ 10 مارچ 2020ء کو در دلو مستقیم ہو رہا ہے عطارد سے منسوب تمام امور درست ہو جائیں گے مثلاً عدالتی اور پنچایتی فیصلے، تعلیم، عقل، علم اور قلم یعنی تحریر و تقریر سے متعلقہ شعبے۔

نوٹ) عطارد کے مستقیم ہونے پر یکم اگست کے بعد عطارد کی نگینہ فیروزہ پہننا مناسب ہوگا مگر اُس وقت بھی ہمیں سیارہ عطارد کی سعد قوت کو مدنظر رکھنا ہوگا کہ مستقیم ہونے کے بعد کہیں یہ سیارہ وبال یا نحس حالت میں تو نہیں کیونکہ اس سیارے کی سعد شعائیں صاحب نگینہ کو فائدہ دے گی جسے عام زبان میں کہا جاتا ہے کہ یہ نگینہ فلاں شخص کو راس آ گیا۔ راس آنے کی بنیادی وجہ اُسی نگینہ سے منسوب سیارہ کو مستقیم یا شرف یا اوج ہو تو وہ نگینہ صاحب نگینہ کو راس آتا ہے اور اس کے مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

شرف مریخ

جب سیارہ مریخ برج جدی کے 28 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ سیارہ مریخ اپنے درجہ شرف پر تقریباً 18 ماہ بعد پہنچتا ہے۔ وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں مریخ کمزور ہے یا وہ لوگ جن کو خرابی خون، امراض معدہ، بخار، پھوڑے پھنسیاں یا جن پر خوف دہشت، جادوٹونے، سفلی اور بداعمال مسلط ہیں یا وہ افراد جن کو پٹھوں کی کمزوری اکثر لاحق رہتی ہے۔ قوت مردی میں کمی جیسے امراض میں مبتلا تمام افراد شرف مریخ کی اس سعد قوت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس سال شرف مریخ 26 مارچ بروز جمعرات 17:07 تا 28 مارچ بروز ہفتہ 03:40 رہیگا۔ اس دوران مکتبہ روحانیات خاص طور سے شرف مریخ سے متعلقہ الواح، نگینہ اور طلسمات، انگشتری تیار کی جاتی ہے۔ وہ افراد جو کہ شرف مریخ کے موقع پر خود الواح، نقوش نگینہ جات تیار کرنا چاہئیں۔ مریخ کی شرفی ساعتوں میں درج بالا امور بارے مدد لے سکتے ہیں۔

اول ساعت :۔21:23 تا 22:23 رجال الغیب (شمال مشرق)

27 مارچ 2020ء بروز جمعہ

دونم ساعت :۔04:20 تا 05:19 رجال الغیب (شمال مشرق)

سونم ساعت :۔11:18 تا 12:20 رجال الغیب (شمال مشرق)

چہارم ساعت :۔18:30 تا 19:28 رجال الغیب (شمال)

پانچویں ساعت :۔01:18 تا 02:17 رجال الغیب (شمال)

ہبوط عطارد

اس ماہ سیارہ عطارد ہبوطی درجہ پر 31 مارچ 2020ء 04 بجکر 53 منٹ تا 30 مارچ 13:43 بجے تک رہیگا۔ عطارد ہبوطی نحس درجات پر ہوتا ہے اور اس وقت یہ اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے۔ سیارہ عطارد سے منسوب تمام ثبت امور منفی رجحان دیتے ہیں بالخصوص عزیز و اقارب میں اختلافات، اولاد کی جانب سے بری خبریں، ذہنی دباؤ میں اضافہ، منتشر خیالی، پاگل پن، بیرون ملک سفر میں رکاوٹوں کو جنم دیتا ہے۔ ان نحوستوں سے بچنے کیلئے پانچ رنگ کے اناج پرندوں کو ڈالیں یا پانچ کلو باجرہ پرندوں کو ڈالیں۔ خاص طور وہ وہ افراد جن کا تعلق برج جوزا اور سنبلہ سے ہے ضرور صدقہ دیں

اول ساعت :۔09:15 تا 10:17 رجال الغیب (جنوب مغرب)

دونم ساعت :۔16:27 تا 17:28 رجال الغیب (جنوب مغرب)

سونم ساعت :۔23:22 تا 23:52 رجال الغیب (مغرب)

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

طلسم قمر

طلسم عطارد

طلسم زہرہ

طلسم مریخ

طلسم مشتری

طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

حالت قمر

قمر در عقرب: 12 مارچ 14:28 تا 14 مارچ 16:09

ہبوط قمر: 12 مارچ 17:41 تا 19:18

قمر در ثور: 26 مارچ 18:36 تا 29 مارچ 06:37

شرف قمر: 26 مارچ 22:38 تا 27 مارچ 00:39

شادی بیاہ کی تاریخیں

2.3.6.7.8.9.14.15.19.22.23.28.29.30

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
استار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

عدد ۹ کی انگشتری

لڑکیوں کے نام میں حرف ن کا کردار

ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

اُن تمام قارئین کا شکریہ جو کہ ہمارا یوٹیوب چینل TR.TV Ayyaz Muzammil بہت شوق سے دیکھ رہے ہیں۔

والدین بچوں کے نام بہت خوبصورت چُن کر تجویز کرتے ہیں۔ نام کا اثر ہر شخص کی زندگی پر ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں بیشتر لوگ نجوم کے اصول قواعد کا خیال نہیں رکھتے اور بناء سوچے سمجھے نومولود کا خوبصورت سا نام تجویز کر دیتے ہیں۔ اہل علم سے رابطہ کئے بغیر وہ لوگ ایسا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے آسمان پر سیارے اور ستاروں کو روشنی اور قوت بخشی ہے ان سے خارج ہونے والی شعائیں ہماری زندگی میں بہت تیزی سے عمل درآمد کرتی ہیں سب سے پہلے با آسانی نظر آنے والے دو سیارے شمس اور قمر کا ذکر کریں گے۔ شمس کو بادشاہ فلک کہا جاتا ہے کہ جب یہ سیارہ آسمان پر طلوع ہو تو سب غروب ہو جاتے ہیں اور جب یہ سیارہ آسمان سے غائب یا غروب ہو جائے تو دیگر سیارگان جلوہ افروز ہوتے ہیں جیسا کہ سب کو معلوم ہے کہ شمس آگ کا ایک گولہ اس سے حدت ظاہر ہوتی ہے۔ بے انتہا روشن اور تابناک ہے کہ اس کی جانب نظر نہیں جما سکتے۔ آگ کا تضاد پانی ہے جس کا سیارہ چاند شمس کے غروب ہونے کے بعد ظاہر ہوتا ہے۔ مزاج آبی ہونے کی وجہ سے ٹھنڈک تازگی خوشی کا احساس ہوتا ہے۔ یہ دونوں سیارگان اپنے تئیں مزاج کو زمین پر ظاہر کرتے ہیں یعنی سورج میں حدت انسانی جسم پر بھی اثر انداز ہو تو گرمی اور پسینے کی شکل میں ظاہر کرتی ہے۔ شمس آتشی عنصر رکھتا ہے جس کی مثال ایسی ہے کہ اگر دوپہر کے وقت کسی عدسہ کے نیچے کاغذ کو مخصوص انداز میں رکھا جائے تو اس میں آگ لگ جاتی ہے ثابت ہوا کہ شمس آتشی عنصر رکھتا ہے اور یہ بات ہر خاص و عام پر عیاں ہے کہ چاند آبی مزاج رکھتا ہے کہ جب چاند کی 12 تا 15 تاریخ ہو تو مکمل جوبن پر روشنی تازگی کے احساس کے علاوہ سمندروں میں طغیانی اس قدر آتی ہے کہ سمندر کا پانی بھی بڑی بڑی لہروں کے ساتھ ساحل کی حدوں کو چھونے لگتا ہے۔

علمائے فلاسفہ نے سیارگان سے متعلق حروف ترتیب دیئے ہیں سات سیارے کائنات میں موجود ہیں اور 28 حروف ابجد قمری ہیں۔ کائنات عناصر اربع یعنی آگ ہوا پانی مٹی سے ترتیب دی گئی۔ یہی عناصر جب حروف ابجد میں تقسیم کئے گئے تو ہر سیارہ کے حصہ میں 4,4 حرف آئے۔ مستند علمائے فلاسفہ کی ترتیب کے مطابق 28 حرف میں سے ہر 7 حرف عناصر اربع کا مزاج رکھتے ہیں یعنی 7 حرف آتشی تو 7 آبی، 7 خاکی ہیں تو 7 بادی۔ ان عناصر کی ترتیب باہمی دوستی اور دشمنی کی بنیاد پر ہے۔ آتش کی دوستی باد سے ہے کیونکہ آگ کو ہوا دیں گے تو وہ بڑھے گی لیکن آتش کا تضاد آب سے ہے آگ پر پانی ڈالیں گے تو بجھ جائیگا بالکل اسی طرح حروف اپنی تاثیر و اثرات ظاہر کرتے ہیں۔ سیارگان میں مذکر اور مونث سیارے بھی موجود ہیں مذکر سیارگان میں شمس، قمر اور مریخ جبکہ مونث سیارگان میں زہرہ، زحل اور مشتری شامل ہیں سیارہ عطارد مخنث مانا جاتا ہے یعنی کہ نہ مرد نہ عورت۔

اگر نومولود کا نام مونث حروف سیارگان سے منسوب کر دیا جائے تو لازماً اس بچے میں کچھ خاصیتیں صنف نازک سی پائی جائینگی اور اسی طرح اگر کسی نومولود بچی کا نام مذکر حامل حروف سیارگان سے منسوب کر دیا جائے تو اُس میں ضرور کچھ نہ کچھ مردانہ خاصیتیں ظاہر ہونگی یعنی بات چیت، چلنا پھرنا اور عام زندگی کے معمولات شامل ہیں۔ دونوں درجہ کے حروف میں ہر درجہ سے برآمد ہونے والے 12,12 حرف ترتیب سے خاصیت اول دوئم اور سوئم استخراج کی گئی۔ باقی رہ جانے والے 4 حرف سیارہ عطارد سے، منسوب ہیں۔ کوشش کی جائے کہ نومولود کا پیدائشی زائچہ استخراج کرنے کے بعد موجود کمزور اور طاقتور سیارگان کے بارے میں جاننا چاہیے اور پھر انہی سیارگان سے متعلق کمزوری کو دور کرنے کیلئے حل کرنا چاہیے۔ مثلاً ایک شخص کے ہاں بیٹا پیدا ہوتا ہے زائچہ استخراج کروانے کے بعد اُس کا نام حرف ''ع'' سے تجویز کیا جاتا ہے یقیناً دیکھا جائیگا کہ اس حرف سے منسوب سیارہ مریخ بوقت پیدائش قوت میں تھا تو ٹھیک اسی حرف سے نام تجویز ہوگا۔ دوسری جانب مشاہدہ کیا جائے گا کہ زائچہ میں کون کون سے سیارے بوقت پیدائش وبال نحوست یا رجعت میں ہیں تو ان سیارگان سے منسوب امور بارے اس نومولود کو عملی زندگی میں مایوسیاں اور ناکامیاں ملیں گی۔ ان ناکامیوں کو کامیابیوں میں بدلنے کیلئے جب

کمزور سیارگان اپنی قوت یعنی جب شرف یا اوج کے درجہ پر فائز ہوں تو فوری طور پر لوح یا نگینہ یا طلسم نومولود کو تیار کر کے دیا جائے تا کہ اُس کی زندگی سے کمزور سیارگان کی کمزوری کا اخراج ہو۔ وہ لوگ جو کہ سخت محنت کے باجود عزت مال دولت حاصل نہیں کر پاتے یا وہ لوگ غربت اور مفلسی کی چکی میں پستے رہتے ہیں۔ یقیناً بوقت پیدائش ایسے افراد کا شمس اچھا نہیں ہوتا۔ بالکل اسی طرح وہ لوگ جو کہ زندگی میں کسی نہ کسی کمی یا اُلجھن کا شکار رہتے ہیں اُس کام سے منسوب سیارہ بوقت پیدائش خراب حالت میں ہوتا ہے ایسے افراد کو کمزور سیارہ کی لوح یا نگینہ یا طلسم بنوا کر پاس رکھنا چاہیے۔

معزز قارئین! ایک بہت بڑی غلطی عموماً دیکھنے میں آئی کہ سیارہ مریخ سے منسوب حرف خصوصاً عقربی حرف ن، ز، ض، ظ ہے۔ جب بھی بچیوں کے نام ان حرف سے رکھے گئے ہیں خصوصاً حرف ن جس کا بچیوں کے حوالہ سے نحوست درجہ اول آتا ہے۔ عملی زندگی میں اس حرف سے منسوب خواتین کو سب سے پہلے شادی کہ مسئلہ پر رکاوٹیں اور پریشانیاں برداشت کرنی پڑتی ہیں اگر کسی دعا یا صدقہ کی برکت سے ان خواتین کی شادی ہو جائے تو 90 فیصد کو پہلی شادی کے بعد طلاق ہو جاتی ہے یا پھر ان کے ہاں اولاد نہیں ہوتی یا پھر میاں بیوی میں اس قدر اختلافات رہتے ہیں کہ ساری عمر لڑائی جھگڑا میں گزرتی ہے یا پھر دونوں میں سے ایک شدید جسمانی مرض میں مبتلا رہتا ہے لہذا کوشش کی جائے کہ وہ خواتین یا بچیاں جن کا نام ن، ز، ض، ظ سے ہے یہ حرف مریخ یعنی مردوں سے منسوب ہے ایسی خواتین شرف زہرہ کے اوقات میں اپنا نام تبدیل کر لیں اگر والدین چاہیں تو وہ بھی اپنی بچیوں کے ان سر حرف نام سے منسوب نام تبدیل کر لیں۔ یہ تبدیلی اگر با آسانی حکومتی رجسٹرڈ ریکارڈ میں بھی کروا سکیں مثلاً شناختی کارڈ یا دیگر اہم دستاویزات تو ٹھیک ہے ورنہ یہ رجسٹرڈ نام تبدیل نہ کروائیں تو پکارنے میں نیا تجویز کردہ نام شرف زہرہ ر، ت، ط سر حرف رکھ لیں۔ یہ تبدیلی اوقات سال 2020ء میں اوج زہرہ 06 مئی اور اوج زہرہ 28 جولائی کو ہوگا۔ یہ دونوں اوقات تبدیلی نام خصوصاً خواتین کیلئے نہایت اہم ہیں۔ ان شاء اللہ تا حیات تبدیلی نام کے اثرات رہیں گے زندگی خوش و خرم اور پُر سکون گزرے گی۔ وہ افراد جو کہ اپنی اولاد کی بھلائی اور بہتری چاہتے ہیں ان کو ہدایت ہے کہ وہ اپنے بچوں کا پیدائشی زائچہ ضرور بنوائیں تا کہ آئندہ متوقع نقصانات سے بچا جا سکے۔

قوت باہ، عدد 9 کی انگوٹھی

منگل کا دن مریخ سے منسوب ہے جسے سپہ سالار فلک، ہمت بہادری طاقت اور قوت کا سیارہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ سیارہ دو بروج حمل اور عقرب کا حامل ہے مردانہ قوت، ہمت، حوصلہ اور بہادری اس کی خاصیت ہے۔ جن افراد کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ کمزور ہوتا ہے ایسے افراد کو مردانہ کمزوری، معدہ اور خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، بخار جیسے امراض کے علاوہ بزدلی، ڈر خوف، نفسیاتی امراض، احساس کمتری کا سامنا رہتا ہے اگر ایسے افراد شادی شدہ ہوں تو اُنکو اکثر اوقات شرمندگی رہتی ہے جس کے علاج کیلئے مارے مارے پھرتے ہیں روپیہ پیسہ برباد کرتے ہیں لیکن پھر بھی حاصل وصول کچھ بھی نہیں ہوتا ایسے افراد کے مسئلہ کا حل عدد 9 کی انگوٹھی یا طلسم مریخ میں پوشیدہ ہے۔ ایسے افراد کو چاہیے کہ شرف یا اوج مریخ کے وقت قوت باہ میں اضافہ چاہیں تو اپنے نام کے عدد شمسی برآمد کریں ان اعداد میں حرف ی کے شمسی اعداد 1000 شامل کر کے موکل برآمد کریں۔ حاصل شدہ موکل کا اسم تانبہ یا لوہے کی انگوٹھی پر بوقت اوج یا شرف مریخ یا مریخ شمس تسدیس و تثلیث میں مذکورہ بالا دھات پر کندہ کر کے بخوردیں اور پہن لیں ان شاء اللہ ایسے فرد کو ہمت طاقت اور قوت ایسی ملے گی کہ جیسے اُس نے دیا گرا کا استعمال کر لیا ہو۔ اکثر و بیشتر دیکھنے میں آیا ہے کہ عدد 9 کی انگوٹھی چاندی میں تیار کی جاتی ہے جبکہ ہماری تحقیق کے مطابق چاندی میں تیار کردہ انگوٹھی کے اثرات کمزور ہو جاتے ہیں کیونکہ مریخ عنصر آتشی ہے اور چاندی کا مزاج آبی ہے لہذا آگ اور پانی کبھی اکھٹے نہیں رہ سکتے ضروری ہے کہ اگر آگ کو بڑھاوا دینا ہوگا تو ہوا کی مدد لینی ہے۔ آتشی عمل کر رہے ہیں تو نظر میں رکھنا ضروری ہے کہ دھات بھی آتشی استعمال ہو بخورات بھی آتشی مزاج سے منسلک ہوں رنگ سرخ یعنی آتشی ہو تو یقیناً اثرات جلد ظاہر ہونگے۔ ابجد قمری میں اعداد کی قوت آبی ہوتی ہے لہذا ابجد قمری سے اعداد برآمد نہ کئے جائینگے ساعت شرف مریخ میں اگر کسی بھی ساعت میں اس انگوٹھی کو پہن لیا جائے تو اچھا اس دوران سب سے زیادہ طاقتور ساعت چہارم ہے جو کہ شام کو 18:30 تا 19:28 ہوگی اس دوران رجال الغیب شمال کی ہوگی۔ اس وقت میں پہن لی جائے عدد 9 کی انگوٹھی تیار کرنے کیلئے مثلث آتشی سے خانے پُر کئے جائینگے تا کہ تاثیر و قوت برقرار رہے۔ جو لوگ انگوٹھی تیار نہ کر سکیں وہ فوری ادارہ سے رابطہ کر لیں۔

نوروز عالم افروز

بادشاہ سال زہرہ

20مارچ بروز جمعۃ المبارک صبح 08:50

سپہ سالار مریخ



وزیر اعظم شمس

مشیر سال قمر

خیرات دفع پریشانی و مشکلات
دودھ، چاول، شکر بنا کر تقسیم کریں

سال رواں اسم اعظم
یَا بَدوح یا وَدُودُ
روزانہ بعد نماز فجر 2020 بار ورد کریں

رنگ و لباس
سفید و دودھیا

نگینہ و پتھر
اوپل، حجر القمر

درخت
خوشبودار میٹھے پھلدار درخت

خوراک
خوبانی، آم
شکر قندی، لیچی

صدقات برائے ردِ بلا و مصیبت
جمعہ کے روز دن 01:30 تا 02:00
کیڑے مکوڑوں کو چاول سوجی اور چینی
سفید کپڑے میں رکھ کر ڈالیں

خوشبو موتیا، گلاب اور صندل

اس سال لوح شرف زہرہ برائے تسخیر خلق، مال و دولت، دفع بندش نکاح و رزق، خصوصی تیار کروائیں

معلیٰ بن خنیس نے فرمایا ہے کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرے، پاکیزہ لباس پہنے خوشبو لگائے اور اس دن کا روزہ رکھے۔ جب نماز ظہر و عصر اور ان کے نافلہ سے فارغ ہو تو چار رکعت نماز دو دو کر کے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ قدر اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ کافرون، پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ توحید اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ الناس کی قرت کرے۔ نماز تمام کرنے کے بعد سجدہ شکر کرے۔ اور اس میں یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدِ الْاَوْصِیَآءِ الْمَرْ ضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَآ ئِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفْضَلِ صَلٰوتِکَ وَبَا رِکْ عَلَیْھِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِھِمْ وَاَجْسَادِھِمْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا ھٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَہٗ وَکَرَّمْتَہٗ وَشَرَّفْتَہٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَھَا اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْمَآ اَنْعَمْتَ بِہٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَآ اَشْکُرَ اَحَدٌ اَغْیَرَکَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَا غَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُکَ وَحِفْظُکَ وَمَا فَقَدْتُّ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْہِ حَتّٰی لَآ اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْہِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

مندرجہ ذیل طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر آب زمزم کے پانی سے دھو کر پئیں۔ وبا و امراض جسمانی سے محفوظ رہیگا۔ اس طلسم کو وقت مقررہ میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہننے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

ا لا = ۹ ۱ ۱ ۱ لا = ۱۱۱ محطے

آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہئے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں۔ اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۲۹ مرتبہ ''یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ'' اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ یَامُقَلِّبَ الْقُلُوبِ وَالْاَبْصَارِ یَامُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَامُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ''قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ، اَللّٰهُ اَکْبَرُ'' اور اول رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ سورۃ ''اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ''قُلْ یٰاَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ'' اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ''قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس دس مرتبہ ''قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ الْفَلَقِ'' پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِکْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَکَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَااَشْکُرَ اَحَدًا غَیْرَکَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَایَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُکَ وَحِفْظُکَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَاتُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بعدہ دعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن مواقیت اعداد ایام سال نکال کر اس دعا کو پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ وَاَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُکَ خَیْرَهَا وَخَیْرَمَا فِیْهَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَافِیْهَا وَاَسْتَکْفِیْکَ مَئُوْنَتَهَا وَشُغْلَهَا یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زادالمعاد)

آب نسیاں

نوروز کے تیس دن گزرنے کے بعد ماہ نسیاں شروع ہوتا ہے اس مہینے کی بارش کا پانی آب نسیاں کہلاتا ہے سید جلیل علی ابن طاؤس نے روایت کی ہے کہ حضرت رسالت مآبؐ نے اصحاب سے فرمایا کہ ماہ نسیاں میں آب باراں لو اور سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی چاروں قل ہر ایک ستر ستر مرتبہ پڑھ کر ستر مرتبہ تسبیحات اربعہ اور ستر مرتبہ درود پڑھو اور سات دن صبح اور عصر کے وقت اس پانی کو پیو تو اللہ تعالیٰ ہر بیماری سے محفوظ کر دے گا اگر بانجھ عورت اولاد کے لیے پئے تو حق تعالیٰ اسے اولاد سے نوازے گا جبرائیلؑ نے کہا کہ جو شخص یہ پانی پئے اس کے بدن کے ہر درد کو اللہ تعالیٰ دور کرتا ہے۔

لوح نوروز

تحویل آفتاب کے وقت پاک جگہ پر باوضو ہو کر بیٹھیں وقت نوروز کا تعین کرنے کیلئے دو عدد گلاب کی بند کلی پانی بھری طشتری میں چھوڑ دیں۔ قدرت کاملہ سے یہ بند کلی وقت نوروز پر خود بخود کھل جائیگی۔ اس وقت میں اپنی حاجت فوری زبان پر لے آئیں۔ ویسے نوروز کا وقت نوروز سے ایک گھنٹہ قبل اور ایک گھنٹہ بعد تک رہتا ہے۔ ذیل کے نقش کو عام کاغذ یا ہرن کی جھلی یا چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جملہ آفات، بلیات، صدمات، جادو سحر، غلبہ دشمن، تمام روحانی و جسمانی امراض سے نجات، بندشوں کے خاتمہ کیلئے یہ لوح بہت پُر تاثیر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



منفعت لوح نوروز

جو لوگ لوح نوروز خود نہ بنا سکیں اور ادارہ سے لوح نوروز مکمل لوامات عمل اور درست طریقہ عمل کے مطابق ادارہ سے بنوانے کے خواہشمند ہوں 2100 روپے 15 مارچ سے قبل ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ کے ایڈریس منی آرڈر کریں۔ (ادارہ)

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ، ٹریفک چوک ڈیرہ غازی خان

نوروز عالم افروز کا تہوار کیا ہے؟

تحریر:۔ خضر عباس بیاسی (راجن پور)

فارسی، عربی اور اردو کے مختلف مضامین سے حاصل کردہ معلومات کی بنیاد پر تحریر کردہ ایک معلوماتی تحقیقی مضمون فارسی کے اس لفظ کا لغوی معنی ہے "نیا دن"۔ نوروز سال نو اور بہار کا ایک ساتھ استقبال ہے اور یہ دن مغربی چین سے ترکی تک کروڑوں لوگ 20 مارچ کو مناتے ہیں۔ نوروز شمسی سال کے آغاز اور بہار کی آمد کا جشن بھی ہے اور ایران، افغانستان، تاجکستان، ازبکستان، پاکستان کے لوگ جشن کے اس وقت پر ایک دوسرے کو مبارکباد، دیتے اور زور شور سے گاتے بجاتے ہیں اور اسے عید کے تہوار کی طرح منایا جاتا ہے اور اسکے ساتھ آنے والے نئے سال میں سلامتی اور ترقی کی دعائیں کی جاتی ہیں۔

ماہر فلکیات کیلئے اب نوروز کے بالکل صحیح وقت کا تعین کرنا بھی ممکن ہوگیا ہے یاد رہے کہ اس وقت کو تحویل آفتاب کا وقت کہا جاتا ہے۔

اہل تشیع کے ہاں روایت ہے کہ اسی نوروز کے دن بارہویں امام حضرت مہدی ابن العسکری دنیا میں ظہور فرمائیں گے اور اسی طرح اسلامی تاریخ میں تقویم کے اعتبار سے نوروز ہی کا دن ہے جب پہلی بار دنیا میں سورج طلوع ہوا، درختوں پر شگوفے پھوٹے، حضرت نوح کی کشتی کوہ جودی پر اُتری اور طوفان نوح ختم ہوا، نبی آخرالزمان پر نزول وحی کا آغاز ہوا، حضرت ابراہیم نے بتوں کو توڑا اور مقام غدیر خم پر ولایت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب کا اعلان ہوا۔

کئی مسالک میں اس روز کی مخصوص عبادات بھی ہیں جن کا بنیادی وصف آنے والے سال کیلئے خوش بختی، امن وسلامتی اور ترقی کی دعائیں مانگنا اور گزرے ہوئے وقت کیلئے رب العزت کا شکر ادا کرنا ہے۔

آیئے نوروز کی تاریخ پر ایک مختصر سی نظر ڈالتے ہیں کہ اس دن گولڈفش نوروز کی علامت بھی سمجھی جاتی ہے۔

ہزاروں برس پہلے قدیم فارس میں شروع ہونے والا یہ تہوار موسم سرما کے اختتام پر زندگی کے از سر نو جاگنے کی نوید دیتا ہے۔ یہ زرتشت مذہب کا حصہ بھی رہا اور پھر اسلامی سلطنت کا بھی۔ کہا جاتا ہے کہ بیماری اور بدقسمتی سے پیچھا چھڑانے کیلئے آگ کے الاؤ کو پھلانگنا اور اس جیسی کئی رسومات ایران کے زرتشتی ورثے کا حصہ سمجھی جاتی ہیں۔ قدیم فارس میں زرتشت تہذیب زندگی کی تخلیق کا جشن اپنے دیوتا اہورامزدا کو بھینٹ چڑھا کر منایا کرتی تھی۔

قدیم زمانے میں سیانوں کا خیال تھا کہ سورج زمین کے گرد گردش کرتا ہے اور نوروز ہر سال کے دوران آنے والا وہ مقام یا وقت ہے جب سورج برج حوت کو چھوڑ کر برج حمل میں داخل ہوتا ہے اور اس لیے اس مقام یا مرحلے کو موسم بہار کا مقام اعتدال بھی کہا جاتا ہے۔ گویا دوسرے الفاظ میں نوروز سخت موسم سرما کے بعد موسم بہار کی نوید ہے۔

اسلامی جمہوریہ ایران میں چونکہ نوروز کا تہوار سرکاری طور پر منایا جاتا ہے اور ملک بھر میں عالم تعطیل ہوتی ہے، حکومتی دفاتر پانچ دن کیلئے بند رہتے ہیں اور لوگ دو ہفتے تک خاندان کے افراد اور دوستوں کے ساتھ تفریح کرتے ہیں اور دعوتیں اڑاتے ہیں۔

ایران میں نئے سال یا نوروز کا جشن تیرہ دن تک منایا جاتا ہے اور عام تعطیل ہوتی ہے۔ ان چھٹیوں کا تیرہواں دن منحوس گردانا جاتا ہے اور خاندان کے افراد اس دن گھر چھوڑ کر باہر نکل جاتے ہیں اور پورا دن گھر سے باہر کھانے پینے اور کھیلنے کودنے میں گزار دیتے ہیں اور اس طرح وہ اپنی تعطیلات کا اختتام مناتے ہیں۔

افغانستان میں چند برس سے دوبارہ یہ تہوار اہتمام سے منایا جاتا ہے کیونکہ طالبان انتظامیہ نے اس تہوار کو غیر اسلامی قرار دے کر ممنوع قرار دیا تھا۔ اب نہ صرف وہ پابندی اٹھالی گئی ہے بلکہ ملک کے عبوری رہنما خود نوروز کے اہتمام میں آگے آگے ہیں۔

وسطی ایشیا میں نوروز منانے کا رواج سوویت یونین کے ٹوٹنے کے بعد ہی شروع ہوا لیکن اب تک لوگ اس کے نہ صرف عادی ہو گئے ہیں بلکہ آذربائیجان میں تو رسومات کئی ہفتے پہلے ہی شروع ہو جاتی ہیں۔ اس بار بھی نوروز سے بہت پہلے ہی جگہ جگہ لوگ آگ کے الاؤ جلا کر اور بچے گھر گھر ٹافیاں مانگ کر اس دن کی تیاری کرتے رہے ہیں۔

پرانے وقتوں کے فارس میں جشن نوروز کا آغاز توپ داغ کر کیا جاتا تھا اور ریاست کا سربراہ قوم سے خطاب کیا کرتا تھا۔ ایران میں یہ رواج اب بھی قائم ہے۔ ایرانی نوروز کے رواج سوفرے ہفت سین یا سین سے شروع ہونے والے سات کھانوں کی میز کو ایک تاریخی اہمیت حاصل ہے۔

یہ بھینٹ یا نذرانہ مختلف علامتی اشیاء سے سجی سات سینیوں پر مشتمل ہوتی تھی۔ یہ اشیاء زندگی میں سچ، انصاف، مثبت سوچ، اچھے عمل، خوش قسمتی، خوشحالی، سخاوت اور بقاء کی علامت کے طور پر شامل کی جاتی تھیں۔

آج کے دور میں بھی یہ رواج 'سوفرے ہفت سین' کی صورت میں زندہ ہے۔ سوفرے ہفت سین یا سن کا مطلب سات سین کی میز ہے۔ 'س' اردو کی طرح فارسی زبان کا ایک حرف ہے اور سوفرے کا مطلب میز ہے جس پر سات ایسے کھانے سجائے جاتے ہے جن کے نام حرف 'س' سے شروع ہوتے ہیں۔ یہ میز عام طور پر ہاتھ سے بنے کپڑے سے ڈھانکی جاتی ہے جسے 'ترماہ' کہا جاتا ہے۔ اس کے اوپر دعاؤں کی کتاب رکھی ہوتی ہے جسے 'کلام اللہ' کہتے ہیں اور اس کے علاوہ زندگی کے عکس کی علامت کے طور پہ ایک آئینہ بھی رکھا جاتا ہے۔

ان چیزوں کے ساتھ ساتھ موم بتیاں، کنبہ کے ہر فرد کے نام کا ایک رنگا ہوا انڈا، آنے والے سال میں خوشحالی کی علامت کے طور پر روایتی مٹھائیاں اور روٹی بھی سجائی جاتی ہیں۔

نوروز کے وقت سے کچھ پہلے پورا کنبہ اس میز کے گرد بیٹھتا ہے اور گھر کا بڑا دعاؤں کی کتاب سے نئے سال کی دعا پڑھتا ہے۔

اس دوران وہ کتاب کے مختلف صفحوں کے درمیان کچھ رقم بھی رکھتا جاتا ہے جو بعد میں خاندان کے افراد میں تقسیم کردی جاتی ہے۔ یہ شگرانے کا ایک انداز ہے۔ پھر ایک روایتی کھانا پیش ہوتا ہے جو مچھلی، چاول، ہرا دھنیا، خراسانی اجوائین اور پیاز پر مشتمل ہوتا ہے۔

میز پر ایک اور اہم چیز سنہری مچھلی کا پیالہ ہے۔ قدیم فارس میں یہ عقیدہ بھی رائج تھا کہ نئے سال سے کچھ پہلے یہ مچھلی ساکت ہوجاتی ہے اور نیا سال شروع ہوتے ہی اس میں دوبارہ جان آجاتی ہے۔

نوروز کا ایک اور دلچسپ رواج آگ پر سے پھاندنا ہے۔ آجکل یہ رواج کچھ زیادہ عام نہیں، زیادہ تر کنبے صرف موم بتیاں جلا لیتے ہیں یا لکڑی کی کچھ شاخوں کی مدد سے ایک چھوٹا سا الاؤ جلا لیا جاتا ہے۔

یہ رواج قدیم فارس کی یادگار کے طور پر اب بھی رائج ہے۔

اسی دن کے حوالے سے فال گوش ایک اور قدیم روایت ہے جو نوجوان لڑکیاں اپنے ہونے والے شوہروں کے بارے میں جاننے کیلئے اختیار کرتی ہیں۔ فال گوش کیلئے ایسی لڑکیاں ایک اندھیرے کونے میں چھپ کر راستے پر آتے جاتے لوگوں کی گفتگو سنتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

اہم معلومات رجب

قارئین تحفہ روحانیات! رجب کے مہینہ اسلامی مہینوں کے حساب سے ساتواں مہینہ بنتا ہے اس ماہ کو زمانہ جاہلیت میں بھی مقدس اور حرمت والا مہینہ سمجھا جاتا تھا۔ اسے رجب المرجب بھی کہا جاتا ہے۔ زمانہ قدیم میں اس ماہ میں عمرہ کی رسم بھی ادا کی جاتی تھی اور جنگ حرام سمجھی جاتی تھی۔ قریش اور قیمص کے قبیلہ میں ایک جنگ اسی مہینے میں ہوئی تھی۔ جس کو جنگ فجار کہتے ہیں۔ اس میں حضرت محمد ﷺ بھی شریک ہوئے تھے لیکن آپ نے کسی پر تلوار نہیں چلائی۔ اہل اسلام اس مہینہ کو اس واسطے بھی متبرک سمجھتے ہیں کہ اسی ماہ کی ستائیسویں شب کو واقعہ معراج ہوا۔ اسی مہینہ میں حضرت محمد ﷺ نے حضرت علیؑ کے ساتھ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہ کا نکاح کیا اور نکاح کا خطبہ حضرت محمد ﷺ نے خود پڑھا۔

ولادت با سعادت

1رجب ولادت با سعادت حضرت امام محمد باقرؑ

5رجب ولادت با سعادت حضرت امام علی نقیؑ

9رجب ولادت با سعادت حضرت علی اصغرؑ (حسینؑ ابن علیؑ کے بیٹے جو کہ کربلا میں شہید ہوئے تھے)

10رجب ولادت با سعادت حضرت امام محمد تقیؑ (نویں تبلیغی امام)

13رجب ولادت با سعادت حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ (پہلے شیعہ امام)

20رجب ولادت با سعادت سکینہ بنت حسینؑ (حسینؑ ابن علیؑ کی بیٹی)

وفات

3رجب وفات حضرت علی نقیؑ (اثناء عشری امام)

15رجب وفات زینب سلام اللہ علیہ بنت علیؑ

18رجب وفات حضرت ابراہیمؑ (اہل تشیع کے مطابق)

22رجب وفات حضرت معاویہ بن ابوسفیان (امیر شام)

25رجب وفات حضرت موسی کاظمؑ (ساتویں اثناء عشری امام)

26رجب وفات حضرت ابوطالبؑ بن عبدالمطلبؑ (محمدؐ کے چچا اور علیؑ بن ابی طالبؑ کے والد)

تہوار

12رجب جناب ابن علی طالبؑ جنگ جمل کے بعد کوفہ تشریف لائے' کوفہ کو پایہ تخت قرار دیا اور پہلا خطبہ ارشاد فرمایا

15رجب تحویل قبلہ در مسجد قبلتین

22رجب نیاز امام جعفر صادقؑ

27رجب کو واقعہ معراج پیش آیا

الواحِ شرفِ مریخ

تحریر:۔ علامہ سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

اللہ رب العزت نے سیارگان سبعہ میں مختلف تاثیرات پنہاں رکھی ہیں۔ ان سے ایسی شعاعیں نکلتی ہیں جو کرہ ارض پر اثر انداز ہو کر گوناگوں تبدیلیاں لانے کا باعث بنتی ہیں۔ مریخ کی مٹی سرخ ہے اور لوہا اس کے اندر کافی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ مریخ کی دھات لوہا ہے اور لوہے کو ہی طاقت وقوت حاصل ہے۔ خون کے اندر بھی لوہا ایک جزو کے طور پر پایا جاتا ہے۔ لوہے کو طاقت اس لئے بھی حاصل ہے کہ تیر وتلوار و نیزہ وغیرہ لوہے سے ہی بنتے ہیں، بندوق بھی لوہے کی ہی ہوتی ہے۔ مریخ انسان کی فزیکل قوت، ہمت، جرأت اور مہم بازی سے وابستہ ہے۔

سیارہ مریخ جب دائرۃ البروج کا دورہ کرتے ہوئے برج جدی کے 28 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ اس سال اس سعد وقت کی ابتداء بمطابق پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم 26 مارچ 2020 عیسوی بوقت 17:37 تا 28 مارچ 03:40 تک رہے گا۔

دشمنوں، مخالفین پر فتح پانے کیلئے

انسانی معاشرہ کے مسائل کی اکثریت کا تعلق لالچ اور حسد سے ہے۔ یہی لالچ اور حسد جرائم کی بنیادی وجہ بنتے ہیں۔ یہ لالچ اور حسد مختلف طرز کے ہوتے ہیں۔ جس کے پاس دولت اور اقتدار ہے وہ مزید دولت کی ہوس میں حلال وحرام کی تمیز کھو دیتا ہے۔ اقتدار پر بیٹھا ہر وقت تگ ودو میں رہتا ہے کہ صرف وہ اور اس کی نسلیں اس اقتدار کی مالک ہوں۔ وہ اقتدار سے چمٹے رہنے کی ہوس میں بے گناہ لوگوں کا خون بہانے سے بھی دریغ نہیں کرتا۔ ہر انسان کا ایک اپنا دائرہ عمل ہے جس میں رہتا ہے۔ لاتعداد مثالیں جہاں پر ایک انسان دوسری کی ترقی یا خوشی برداشت نہیں کر سکتا۔ اس بات کی بجائے کہ وہ خود محنت کرے اور بہترین زندگی گذارے وہ اس سوچ میں پڑ جاتا ہے کہ کس طرح دوسروں کی ترقی کو روکا جائے اور کیسے دوسرے کو خوشیوں سے محروم کیا جائے۔ دفاتر میں ایک کام کرنے والا دوسرے کی ترقی سے جلتا رہتا ہے۔ ایک کاروباری آدمی سے دوسرے کی کاروبار میں کامیابی برداشت نہیں ہوتی۔ سسرال میں اکثر یہ واقعات دیکھنے کو ملتے ہیں کہ جہاں سسرالی رشتہ داروں نے بہو کی زندگی عذاب بنا رکھی ہے یا بہو نے سسرال والوں کو تنگ کر کے رکھ دیا ہے۔ کسی مسئلہ کو حل کرنے کے کچھ طریقے ہوتے ہیں۔ مثبت طریقہ تو یہ ہوتا ہے کہ انسان دوسروں کے ساتھ مل جل کر رہے۔ دوسروں کی کامیابیوں کو سراہے اور خود محنت میں لگ جائے کہ جلد وہ بھی ایک بلند مقام پر ہوگا۔ کچھ لوگ مسائل کو حل کرنے کیلئے منفی سوچ کو اختیار کر لیتے کہ اگر میں کامیاب نہیں تو کسی دوسرے کو بھی کامیاب نہیں ہونے دوں گا یا اگر میری زندگی میں خوشی نہیں تو دوسروں کو بھی خوش نہیں رہنے دوں گا۔ اس مقصد کے لیے اس کے ذہن میں منفی سوچ ابھر کر سامنے آتی ہے جو اسے دوسروں کو نقصان پہنچانے پر آمادہ کرتی ہے اور یہ آدمی دوسروں سے دشمنی کرنے لگتا ہے۔ اس دشمنی کی آگ میں وہ خود بھی جلتا ہے اور دوسروں کو بھی تباہ کرنے کی کوششیں کرتا رہتا ہے۔

ہم ایک لوح تیار کرنے کا مفصل طریق پیش کر رہے ہیں جو دشمنوں اور مخالفین کے حربوں کے خلاف ایک بہت موثر ہتھیار کے طور پر کام کرتی ہے۔ دشمن اور مخالفین آپ کو نقصان پہنچانے کی کیسی ہی کوششیں کیوں نہ کریں ان کی ہر کوشش ناکام ہو جاتی اور پھر اس لوح کی برکت سے آپ کے دشمن مخالفت ترک کر کے آپ کے گن گانے لگتے ہیں۔

اس لوح کو ہم ہفت درہفت کے نقش سے بنائیں گے۔ اس لوح کو بنانے کیلئے اپنے نام معہ والدہ کے نام میں 2162 اعداد کا اضافہ کریں۔ جو مجموع حاصل ہو اس میں سے 168 عدد منفی کر کے 7 پر تقسیم کریں اور حاصل کو خانہ 1 میں رکھ کر باقی کا نقش مکمل کریں۔ عدد کو 7 پر تقسیم کرنے اگر باقی 1 بچے تو خانہ 43 میں ایک عدد کا مزید اضافہ کیا جائے گا۔ تقسیم سے باقی دو بچے تو خانہ 36 میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔ تقسیم سے باقی 3 بچے تو خانہ 29، باقی 4 بچے تو خانہ 22، باقی پانچ بچے تو خانہ 15 اور اگر باقی چھ بچے تو خانہ 8 میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔

یہ لوح لوح پر تیز نوک والی چیز سے کندہ کریں۔ اگر کاغذ پر بنانا چاہیں تو سرخ کاغذ پر زعفران اور عرق گلاب کی روشنائی سے یا سرخ روشنائی سے بنا سکتے ہیں۔ لوح بنانے کے دوران مریخ کے بخورات سلگتے رہیں۔ جب نقش مکمل ہو جائے تو اس کے نیچے یہ کلمات لکھیں ''رب انی مغلوب

فانتصر ''۔اس لوح کو سرخ رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھے۔ اگر ایک لوح لوہا پر بنائی جائے اور دوسری کاغذ پر تو اس لوح کا اثر کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔اس لوح کہ وجہ سے آپ مخالفین اور دشمنوں کے شر کے محفوظ رہیں گے۔دشمن آپ سے ہر وقت خوف زدہ رہیں گے۔مقدمات کے معاملات میں آپ کو مخالفین پر فتح نصیب ہوگی۔اس لوح کے اور ان گنت فوائد ہیں جن میں گولی لگنے اور ہتھیار کی ضرب سے حفاظت بھی شامل ہے۔یہ لوح آپ کو معاشرہ کے بااثر افراد کی نظروں بہت اہم بنادے گی۔

اب لوح کو بنانے کا طریقہ مثال کے ساتھ بیان کیا جارہا ہے۔

اعداد طالب معہ والدہ: 363

مخصوص اعداد: 2162 مجموعہ: 2525

منفی عدد: 168 نیا مجموعہ: 2357

2357 کو 7 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 336 ملا۔سات پر تقسیم کے بعد باقی پانچ بچا لہذا خانہ 15 میں کسر واقع ہوگی اور اس خانہ کے عدد میں ایک عدد کا مزید اضافہ کر کے لکھا جائے گا۔قارئین کی سہولت کے لیے نقش کی چال بھی دی جارہی ہے۔اس لوح کے اضلاع کلمات

''رب انی مغلوب فانتصر'' سے قائم کئے جائیں گے۔

۳۶۸	۳۷۴	۳۸۰	۳۳۶	۳۴۹	۳۵۶	۳۶۲
۳۷۶	۳۸۶	۳۳۸	۳۴۴	۳۵۱	۳۶۴	۳۷۰
۳۸۴	۳۴۰	۳۴۶	۳۵۳	۳۵۹	۳۶۵	۳۷۸
۳۴۲	۳۴۸	۳۵۵	۳۶۱	۳۶۷	۳۷۳	۳۷۹
۳۴۳	۳۵۷	۳۶۳	۳۶۹	۳۷۵	۳۸۱	۳۳۷
۳۵۲	۳۵۸	۳۷۱	۳۷۷	۳۸۳	۳۳۹	۳۴۵
۳۶۰	۳۶۶	۳۷۲	۳۸۵	۳۴۱	۳۴۷	۳۵۴

رب انی مغلوب فانتصر

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

افزائش نسل اور صحت جسمانی کی طلسماتی انگشتری

ہر مخلوق کا افزائش نسل کو اس دنیا میں لانے کا ایک جدا طریقہ ہے۔پھول اور درخت کبھی تیز ہواؤں کے ذریعے اور کبھی پرندوں یا جانوروں کے ذریعے اپنے حیات پیدا کرنے والے بیجوں کو زمین پر ڈال دیتے ہیں اور پھر پانی انہی بیجوں کو زمیں کے اندر سمو دیتا ہے اور پھر کچھ ہی عرصہ بعد اس زمین پر چھوٹے چھوٹے پودے نظر آنے لگتے ہیں جو اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ قدرت زندگی کو جاری وساری رکھنا چاہتی ہے۔جانور اور پرندے اپنے ساتھی کے ہمراہ نئی نسل کو پیدا کر کے زندگی کی تجدید کرتے ہیں۔

انسانوں کا افزائش نسل کا طریقہ بھی جانوروں اور پرندوں سے الگ نہیں۔اسی سبب انسان کو معاشرتی جانور کہا جاتا ہے۔لیکن انسان جانوروں سے ایک لحاظ سے منفرد ہے کہ یہ نئی نسل کو صرف زندگی کے تسلسل کے لیے دنیا میں نہیں لاتا بلکہ اس کے ساتھ وہ اپنے خاندان یا قبیلہ کے نام کو بھی دنیا میں رکھنا چاہتا ہے۔کچھ انسان اس لیے نئی نسل کو جنم دیتے ہیں کہ وہ اپنے سے بہتر نسل کو دنیا میں لانا چاہتے ہیں تا کہ ان کی زندگی کے مقصد کی تکمیل ہو سکے۔

انسانوں کا رہن سہن ہمیشہ سے اس کے لیے آسائش کے ساتھ مختلف تکالیف کا باعث بھی رہتا ہے۔کام کی زیادتی، ماحول کی آلودگی اور صحت کی طرف سے بے توجہی بہت سارے جسمانی مسائل کو جنم دیتی ہے۔بظاہر ایک صحت مند نظر آنے والا انسان اس قابل نہیں ہوتا کہ وہ ایک نئی نسل کو دنیا میں لا سکے۔وہ اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت سے محروم ہوتا ہے۔

طرز زندگی کے ساتھ موسموں کی تبدیلی نے بھی انسان کی اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت کو متاثر کیا ہے۔گلوبل وارمنگ نامی تحریک موسم کی تبدیلیوں کو انسانی زندگی اور اس کی آنے والی نسلوں کی بقاء اور مسائل کی طرف نشاندہی کرتی ہے۔طب کے مطابق موسموں کا تغیر اور شدید ماحول میں کام کرنے سے مرد کی اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت میں کمی واقع ہوتی ہے۔طب کے مطابق اولاد سے محرومی کا ایک سبب مادہ تولید میں کمی ہوتی ہے۔مختلف ادویات کے استعمال اس مرض پر قابو پایا جاتا ہے۔

ایسے ان گنت افراد بھی اس دنیا میں موجود ہیں کہ اول جن کو اس طرح کا کوئی مرض نہیں ہے لیکن وہ پھر بھی اولاد سے محروم ہیں اور ایسے لوگوں کی بھی کمی نہیں جو ہر طرح کے دوا کے استعمال کے باوجود اولاد کی نعمت سے محروم ہیں۔

افزائش نسل کے علاوہ انسان اپنے جذبات کے اظہار کے لیے جسمانی تعلق کا سہارا لیتا ہے۔یہ انسان کی زندگی کی بنیادوں میں سے ایک ہے کہ

جب وہ ایک جوڑا کی شکل میں زندگی بسر کرتا ہے تو محبت کے اظہار کے لیے جہاں وہ خوبصورت الفاظ ہوا استعمال کرتا ہے وہیں اسے اس جذبہ کے اظہار کے لیے جسمانی تعلق قائم کرنا پڑتا ہے۔

ایک کامیاب جوڑا کی مثالی زندگی میں دیگر عوامل کے ساتھ جسمانی تعلقات سے آسودگی حاصل کرنا بہت اہم ہوتا ہے۔ جسمانی تعلقات میں عدم اطمینان طلاق کے بہت سارے واقعات کا موجب ہوتا ہے۔ ایک مرد کے روزگار کمانے کا ماحول اکثر مردانہ قوت میں کمی کا باعث بنتا ہے جس کے سبب اس کا ساتھی اس سے جسمانی دوری اختیار کرنے لگتا ہے یا پھر جب اس مرد کو خود اپنی قوت میں کمی کا احساس ہوتا ہے تو وہ جسمانی تعلقات قائم کرنے سے گھبراتا ہے کسی نہ کسی بہانہ سے راہ فرار اختیار کرتا ہے۔ مختلف ادویات اسے وقتی سہارا تو دیتی ہیں لیکن یہ ادویات اسے وہ جسمانی اور ذہنی اطمینان نہیں دے پاتیں جس مقصد کے لیے وہ انہیں استعمال کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ تمام ادویات اپنے اندر مہلک اثرات بھی رکھتی ہیں۔ اگر یہ دوا ایک فائدہ دیتی ہے تو ساتھ ہی کئی نقصانات بھی دیتی ہے۔

انسان کی جسمانی صلاحیتوں میں کمی کے باعث انسان اپنا اعتماد کھو دیتا ہے اور کچھ عرصہ بعد وہ کسی نہ کسی ذہنی کرب میں مبتلا رہنا شروع کر دیتا ہے۔ شرف مریخ کے موقع پر ہم ایک بہت ہی نایاب اور پراثر انگشتری پیش کر رہے ہیں جسے کوئی بھی ضرورت مند آسانی سے بنا سکتا ہے۔ اس کا مکمل طریقہ چند سطور بعد پیش کیا جائے گا۔

بھرپور جسمانی صحت انسان کو زندگی کے تمام معاملات میں کامیابی عطا کرنے کی پہلی سیڑھی ہے۔ صحت مند جسم صحت مند دماغ کی بنیاد ہوتا ہے۔ موجودہ میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی کے سینکڑوں امراض کو پیدا کیا ہے۔ انسانی جسم کی بیماری اس کے دماغ کو شدید مایوسی کا شکار بنا دیتی ہے جس سے اس کے ذہن میں منفی خیالات آنے لگتے ہیں۔

تمام بیماریوں کے تحفظ کیلئے قدرت نے ہر انسان میں ایک مدافعتی نظام رکھا ہے۔ لیکن اکثر اوقات یہ نظام مکمل تحفظ نہیں دے پاتا جس سے انسان مختلف بیماریوں کا نشانہ بنا رہتا ہے۔ بہت سارے ایسے لوگ بھی ہیں جن کی خوراک عمدہ ہوتی ہے لیکن اسکے باوجود وہ جسمانی قوت سے محروم رہتے ہیں۔ اسی طرح کھیل کود کے مقابلوں میں حصہ لینے والے افراد کو بھرپور طاقت کی ضرورت ہوتی ہے۔ شرف مریخ کی یہ انگشتری جہاں مردانہ قوت میں بے انتہا اضافہ کرتی ہے اور افزائش نسل میں معاون ثابت ہوتی ہے وہیں پر یہ انگشتری تمام بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ایک محافظ کے طور پر کام کرتی ہے۔ ہر انسان کو بھرپور جسمانی طاقت دیتی ہے کہ وہ ایک صحت مند زندگی بسر کرے۔

اب اس انگشتری کو بنانے کا طریقہ تحریر کیا جا رہا ہے۔ مریخ کے شرف کے دوران مریخ کی ساعت میں یہ انگشتری تیار کی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے اپنے نام والدہ میں حروف ''ج وغ'' کے اعداد لیں اور پھر اللہ تعالی کے اسمائے مبارکہ ''قوی، متین'' کے عدد لیں۔ پھر ان سب میں مخصوص اعداد 1631 کا اضافہ کریں۔ جو مجموعہ حاصل ہو اس کو 28 پر تقسیم کریں۔ اب جو باقی بچے اس عدد یا اعداد کے حرف یا حروف لے کر آخر میں کلمہ طیش کا اضافہ کر کے لکھیں۔ مثال یوں ہے:

اعداد نام سائل معہ والدہ: 1530

اعداد حروف ج وغ: 1003 اعداد قوی متین: 616

مخصوص اعداد: 1631 مجموع: 4780

اب 4780 کو 28 پر تقسیم کیا تو 20 بچا۔ ابجدی قمری کے مطابق حرف ''ک'' کے عدد 20 ہیں اس کو لیا۔ اب حرف ''ک'' کے آخر میں طیش لکھا تو ''**کطیش**'' حاصل ہوا۔ یہ حروف آپکو کسی تیزنوکدار چیز سے کندہ کرنے ہونگے۔ یہ انگشتری چاندی پر یا پھر مریخ کی مخصوص دھات ''لوہے'' پر بنائی جائیگی۔ دوران عمل مریخ کے بخورات سلگتے ہیں۔ انگشتری مکمل ہونے کے بعد اس کو چند منٹ ان بخورات کے قریب رکھ دیں۔ اسکے بعد یہ انگشتری پہن لیں۔ جب بھی ضرورت ہو اس انگشتری کو کچھ گھنٹہ پہلے پہن لیا کریں اور اسکے بعد اسے کسی محفوظ مقام پر رکھ دیا جائے۔

طلسم سنگ مریم

پتھر کلمہ پڑھ کر نبی کریمؐ کی گواہی دے سکتے ہیں

تو پھر پتھر قدرت الٰہی سے عجائبات بھی ظاہر کر سکتے ہیں

حسد اور نظر بد ایسا جادو ہے کہ جو پتھر کو بھی پھاڑ دیتا ہے۔ مشہور ہے کہ گندی اور بُری نظر پتھر کو پھاڑ دیتی ہے۔ آخر وہ کونسا ایسا پتھر ہے جو کہ حسد ہو یا بُری نظر دونوں سے پھٹ جاتا ہے۔ قدرت نے یہ طلسماتی پتھر ایسے لوگوں کیلئے تخلیق کیا ہے جن کو اپنی اولاد سے بے انتہا پیار ہے۔ اس طلسماتی پتھر (طلسم سنگ مریم) کے گلے میں ڈالنے سے اگر کسی کی حسد یا بُری نظر بچے پر پڑے تو یہ طلسم سنگ مریم اس بُری نظر کو اپنے اوپر لے لیتا ہے اور رنگ تبدیل کر لیتا ہے اگر کوئی بہت گندی نظر ہو کہ جس سے عموماً بچے بیمار ہو جاتے ہیں۔ تو یہ طلسم سنگ مریم اپنا صدقہ خود دیتا ہے اور پھٹ جاتا ہے لیکن جس بچے کے گلہ میں ہو اُسے کوئی تکلیف نہیں ہونے دیتا یہ طلسم سنگ مریم مکتبہ روحانیات سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

شرف مریخ

لوح فتح

تحریر
سید طارق علی زیدی
(کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات! اس سال شرف مریخ 26 مارچ 2020ء تا 28 مارچ قائم ہو رہا ہے اس دوران کام کی صرف تین ساعتیں ملیں گی لہذا جو بھی حضرات شرف مریخ کے وظائف یا الواح تیار کریں تو وہ کوشش کریں کہ اپنا مکمل وظیفہ اور الواح انہی تین ساعتوں میں پورا کر لیں۔ ساعتوں کے اوقات اور رجال الغیب "**ستاروں کی چال وظیفے کا کمال**" کے آخر میں شائع کر دیئے گئے ہیں۔ وہیں سے اوقات دیکھ کر اپنے وظائف کو شرائط کے ساتھ مکمل کریں۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ مجھے دن بدن ترقی ہو۔ اعلیٰ مرتبہ ملے، لوگ عزت و تکریم سے پیش آئیں دوسروں پر رعب و دبدبہ قائم ہو جائے اور ترقیوں کیلئے تمام راستے کھلے رہیں کوئی شخص بغض و عناد سے راستے کا پتھر نہ بنے تو اس لوح کو تیار کر کے استعمال میں لائیں۔ یہ لوح ان لوگوں کیلئے بہت مفید ہے جو کسی بھی قسم کے کھیلوں میں فتحیابی چاہتے ہوں۔ ظفر و قوت کے کاموں، بہادرانہ اور جان جوکھوں میں ڈالنے یعنی مہم بازی کیلئے بھی بہت بہتر ہے۔ لوہے کے کاموں یا تجارت یا مشینوں کی تیاری یا فروخت میں فائدہ دے گی جو لوگ مشینوں کا کام کرتے ہیں خواہ کوئی بھی راہ اختیار کئے ہوئے ہوں اس میں ترقی اور وسعت کے اسباب پیدا کرے گی نیز جن لوگوں کے زائچہ میں مریخ کمزور ہے یا نحس حالت میں ہے ان کو نحوست سے محفوظ رکھے گی۔ حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے بھی ایک نعمت ہے۔ یہ لوح قوت و شجاعت، دل کو قوی کرنا، جنگ میں فتحیابی، دشمنوں پر غلبہ پانے اور ان کے شر سے محفوظ رہنے، تمام ہتھیاروں اور موذی جانوروں سے محفوظ رہنے، آسیب سے بچنے کیلئے تیار کی جاتی ہے۔ دوڑ میں حصہ لینے والے افراد اور جانوروں کی کامیابی کیلئے، امراض لقوہ، قولنج، رعشہ اور امراض بلغمیہ سے نجات پانے کیلئے بھی بہت مفید ہے۔ لوح کی تیاری میں آیت مبارکہ **نصر من اللہ و فتح قریب** کو استعمال کیا گیا ہے۔

کل اعداد بحساب ابجد قمری 1302 جبکہ حروف کی تعداد و نقاط 27 ہیں لہذا کل مجموعہ اعداد 1329 ہوئے

اگر فتحمندی مقصود ھے تو صرف آیت کے اعداد کا ہی نقش پُر کرنا ہوگا۔

اگر کسی خاص شخص پر فتح پانے کی ضرورت ہے تو اس کا نام بھی شامل کر لیں۔

وقت مقررہ پر غسل کریں۔ صاف کپڑے پہن کر تنہائی میں بیٹھ جائیں۔ زعفران و گلاب سے اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھیں۔ اگر لوح بنانا چاہ رہے ہیں تو تانبہ یا چاندی کے پترہ پر کندہ کریں۔

نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد میں سے 360 عدد تفریق کر دیں، باقی کو 9 پر تقسیم کر دیں جو خارج قسمت کو اس کو خانہ اول میں رکھ کر نقش بمطابق چال پُر کر لیں۔ اگر تقسیم سے ایک باقی بچے تو خانہ 73، 2 باقی رہنے کی صورت میں 64، اگر 3 باقی رہنے کی صورت میں خانہ نمبر 55، اگر 4 باقی ہو تو خانہ نمبر 46، اگر 5 کی صورت میں خانہ 37، اگر 6 کیلئے خانہ 28، اگر 7 کیلئے خانہ نمبر 19، اگر 8 باقی رہنے کی صورت میں خانہ نمبر 10 میں ایک عدد کا مزید اضافہ کیا جائیگا۔ نقش پر ہو جائے گا، پُر کرنے کے بعد چاروں اطراف کی میزان دیکھ لیں کہ درست ہے یا نہیں۔ حل شدہ نقش بمعہ چال اور طلسم دیا جا رہا ہے۔

شرف مریخ کے اوقات میں، ساعت مریخ کا لحاظ رکھتے ہوئے تیار کر لیں۔ لوح جو تیار کی جائے گی وہ درج ذیل ہے۔



۱۵۷	۱۶۵	۱۷۳	۱۸۱	۱۰۷	۱۲۴	۱۳۲	۱۴۱	۱۴۹
۱۶۷	۱۷۵	۱۸۳	۱۰۹	۱۱۷	۱۲۵	۱۴۳	۱۵۱	۱۵۹
۱۷۷	۱۸۵	۱۱۱	۱۱۹	۱۲۷	۱۳۶	۱۴۴	۱۶۱	۱۶۹
۱۸۷	۱۱۳	۱۲۱	۱۲۹	۱۳۸	۱۴۶	۱۵۴	۱۶۲	۱۷۹
۱۱۵	۱۲۳	۱۳۱	۱۴۰	۱۴۸	۱۵۶	۱۶۴	۱۷۲	۱۸۰
۱۱۶	۱۳۳	۱۴۲	۱۵۰	۱۵۸	۱۶۶	۱۷۴	۱۸۲	۱۰۸
۱۲۶	۱۳۵	۱۵۲	۱۶۰	۱۶۸	۱۷۶	۱۸۴	۱۱۰	۱۱۸
۱۳۷	۱۴۵	۱۵۳	۱۷۰	۱۷۸	۱۸۶	۲۱۲	۱۲۰	۱۲۸
۱۴۷	۱۵۵	۱۶۳	۱۷۱	۱۸۸	۱۱۴	۱۲۲	۱۳۰	۱۳۹

اس لوح کی پشت پر طلسم مریخ لازمی بنائیں۔

شرف مریخ

مریخ کی قوت، کالے جادوگروں سے نجات

تحریر :۔ عبدالرحمن (مسقط، عمان)

محترم دوستو! شرف مریخ کے اس خاص موقع پر ایک خاص مضمون آپ کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں مریخ کا تعلق طاقت، جادو اور مالی و معاشی روحانی بندشوں سے ہے شرف مریخ کے اس موقع پر بندش جنات اور کالے جادو کا توڑ، کالے جادوگروں شیطانی قوتوں سے جو لوگ مدد اور تقرب حاصل کر کے مخلوق خدا کو شدید مشکلات میں مبتلا کرتے ہیں کبھی مالی و معاشی کبھی روحانی و جسمانی بندش تو کبھی رشتہ کی بندش کبھی بے اولادی، حوادث نا مرادیوں ذلتوں اور مایوسیوں ناکامیوں کی شکل میں یہاں تک کہ رفتہ رفتہ انسان کا سب کچھ ختم ہو جاتا ہے ان مصائب کا سامنا کرتے کرتے آخر کار تڑپتے ہوئے ان امراض کا علاج اور توڑ خاتمہ بندش کرواتے کرواتے خود بھی ختم ہو جاتا ہے۔ مذکورہ نقش نہایت مجرب ہے

کالے جادو کے خاتمہ کیلئے شرف مریخ کے وقت اس نقش کو 44 بار لکھ لیں سرخ روشنائی سے کاغذ پر تحریر کریں۔ یہ نقوش زعفران کی سیاہی سے لکھیں تو زیادہ بہتر ہے ورنہ چکنے کاغذ پر عام سیاہی سے بھی لکھے جا سکتے ہیں۔

1:۔ ان لکھے گئے نقوش میں سے 21 نقش الگ کر لیں ان نقوش کا فلیتہ بنا کر روزانہ بعد نماز عشاء اس فلیتہ کی دھونی مذکورہ بالا مسائل اور مصائب میں مبتلا مریض کو دیں۔

2:۔ دوسرے 21 نقش اس طرح استعمال کرنے ہیں کہ روزانہ ایک نقش پانی میں ڈال کر گھر یا مکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں۔

3:۔ 43واں نقش کو 7 مسجدوں کے پانی کی بوتل میں ڈال دیں۔ یہ پانی روزانہ مریض کو پینے کیلئے دیں۔

4:۔ آخری 44واں نقش حصار کی نیت سے مریض کے گلے میں ڈالنے کیلئے دیں تا کہ دوبارہ اُس پر جادو کے اثرات نہ ہوں لیکن یہ آخری نقش 21 یوم پورے ہونے کے بعد مریض کو دینا ہے۔

اس طرح کل 21 یوم کا عمل ہوا اللہ تبارک تعالیٰ نے چاہا تو ان شاء اللہ ان تین ہفتہ کی محنت سے ہر قسم کا جادو سحر بندش ختم ہو گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ تمام نقوش عین شرف مریخ کی سعد ساعت میں تیار کئے جائیں۔ نقش تیار کرنے والا پرہیز گار اور مقتدی ہو۔ 5 وقت کا نمازی ہو تو یقیناً تاثیر بھی اس قدر زیادہ ہو گی۔

اگر شرف مریخ کا وقت گزر چکا ہو تو کوشش کی جائے کہ عروج قمری ماہ نو چندا منگل کو یہ نقش لکھ لئے جائیں۔ ویسے یہ نقوش اوج مریخ یا عطارد مریخ تسدیس و تثلیث میں بھی تحریر کئے جا سکتے ہیں لیکن عام طور پر قارئین کو سیارگان کی ان نظرات کا اتنا علم نہیں ہوتا لہذا عروج قمری نو چندا منگل لکھ سکتے ہیں۔ نقش تحریر کرنے سے پہلے دال ماش سوا کلو اور تیار کرنے کے بعد سوا کلو گوشت کا صدقہ ضرور دیں اگر یہی نقوش شرف مریخ کی ایک ساعت میں تحریر نہ ہوں سکے تو دوسری ساعت میں باقی کام مکمل کر لیا جائے نقش تحریر کرتے وقت نیلے اور سیاہ رنگ کا لباس نہ پہنیں بخوارت شرف مریخ ضرور سلگائیں۔ تیز قسم کا عطر ضرور لگائیں سرخ رنگ کا جائے نماذ استعمال کریں سر پر سرخ رنگ کا کپڑا ہو تو زیادہ بہتر ہے تمام نقوش لوہے کے قلم سے یا نب سے تحریر کریں۔

اگر چاہتے ہوں کہ ہمیشہ کیلئے جادوگروں سے جان بچی رہے 3X3 لوہے کی تختی پر عمارت کے کمروں کے مطابق نقش کو لوہے کے قلم سے کندہ کر لیں مثلاً کسی دوکان کیلئے چاہیے تو ایک نقش ہی کافی ہے اگر کسی مکان میں مثلاً 5 کمرے ہیں تو ہر کمرہ کیلئے ایک نقش کافی رہیگا۔ لوہے پر تیار کرنے کے بعد کسی بھی دیوار پر پوشیدہ طور پر یہ نقش لگا دیں کہ اس نقش کے اوپر کوئی خوبصورت سے قدرتی منظر کی تصویر لگا دی جائے۔ قرآنی آیت یا جاندار کی تصویر نہ لگائی جائے ان شاء اللہ جس گھر میں یہ نقوش لگے ہونگے وہاں پر دوبارہ جادو جنات یا بندش کے اثرات نہ ہو پائیں گے۔

ل	ش	ك	ر	ف	ر	ع	و
ش	ك	ر	ف	ر	ع	و	ن
ك	ر	ف	ر	ع	و	ن	غ
ر	ف	ر	ع	و	ن	غ	ر
ف	ر	ع	و	ن	غ	ر	ق
ر	ع	و	ن	غ	ر	ف	ش
ع	و	ن	غ	ر	ق	ش	و
و	ن	غ	ر	ق	ش	و	د

اسٹار نیوز ایجنسی، بازار کلاں پشاور 0345-9067247

مشتری تثلیث زہرہ

24 اعمال حصول دولت

حُب و تسخیر

تحریر
رضوان حسین شاہ
(ملتان)

قارئین کرام اس ماہ زہرہ اور مشتری کی نظر تثلیث 27 مارچ 04 بجکر 35 منٹ پر شروع ہو رہی ہے اس کا اختتام 29 مارچ 14 بجکر 30 منٹ ہوگا۔ اس دوران زہرہ اور مشتری کی جتنی بھی ساعتیں ملیں گی وہ تمام ساعتیں حُب و تسخیر محبوب سے ملاقات، محبوب کو پیغام بھیجنا، مال و دولت کے حصول جیسے کاموں کیلئے موثر مانی جائینگی۔ میرے کئی دوستوں نے انعامی بانڈ میں اول انعام کے حصول کیلئے عمل کی درخواست کی یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ انعامی بانڈ میں درجہ اول کے انعامی نمبر کے حصول کیلئے کوشش کر سکتے ہیں ان شاء اللہ اگر نیت خالص رہی تو انعام دور نہ ہوگا۔ مذکورہ نظر میں آغاز یوم بدھ ہوگا اور عروج نظر یوم جمعرات ہوگی اور اختتام نظر صبح جمعہ ہوگا۔ جو لوگ تسخیر دولت چاہتے ہیں اُنہیں چاہیے کہ جمعرات کے دن زہرہ اور مشتری کی تمام ساعتوں سے کام لیا جائے جس کا طریقہ اس طرح ہے کہ زرد رنگ کا ایک بڑا ریشمی کپڑا لیں اس کپڑے پر تمام پرائز بانڈ مشتری کی ساعت میں پھیلا کر رکھ دیئے جائیں اور حصول انعام کی آیت **یغنھم اللہ من فضلہ** (سورۃ النور آیت نمبر 33) کا ورد لاتعداد کریں جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے۔ باری تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا کریں اول روز سے ہی حصول انعام کی نیت رکھ کر آغاز کریں۔ نقش بنانے کیلئے آیت مبارکہ کے اعداد مجموعہ میں اپنے نام کے اعداد کا اضافہ کر دیں۔ اس کے علاوہ اسم الٰہی **یا منعم** کے اعداد بھی شامل کر دیں۔ نقش کے اوپری جانب **یاصوفیائیل** اور نیچے **السید شمھورش** کندہ کریں۔ نقش آبی چال مربع چاندی پر بنایا جائے دوسری جانب طلسم زہرہ اور مشتری کندہ ہوں جس میں مال و دولت کی حصول کا تقاضا کیا گیا ہو ایسی خاص اور جاندار لوح تیار ہوگی کہ اس کے اول اثر سے حصول انعام ممکن ہوگا اور دوسرا اس لوح کا فائدہ یہ ہوگا کہ مال و دولت کا حصول بہت آسان ہو جاتا ہے جب تک لوح رہیگی۔

مثال سے بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ مثلاً

نام سائل	محمد علی	202
اعداد آیت:۔	**یغنھم اللہ من فضلہ**	2186
اسم الٰہی	**یا منعم**	211
	میزان	2599

حُب کا سرمہ

زہرہ مشتری کی نظر تثلیث کا آغاز جیسے ہو ان میں سے زہرہ کی ساعت میں باوضو ہو کر سرمہ کو عرق گلاب میں کھرل کرنا شروع کر دیں جتنی دیر تک آپ کھرل کرتے جائیں اس دوران لاتعداد **یا ودودو** کا ورد رکھیں۔ باوقت عمل بخور زہرہ روشن کریں رجال الغیب نظر میں ہو جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے کام بھی ختم کر دیں پھر دوسری ساعت زہرہ کا انتظار کریں اور اسی وظیفہ کو درج بالا طریقہ سے دہرائیں غرض کہ نظر کا اختتام ہو جائے تو وظیفہ کا بھی اختتام کر دیں۔ اس وظیفہ میں تعداد کی کوئی حد نہیں بس ساعت کے آغاز سے ہی لاتعداد پڑھتے جائیں۔ تصور اور یکسوئی پختہ ہو دوران عمل کھانا پینا بولنا منع ہے۔ منہ میں میٹھی چیز رکھیں خاص طور سے مصری اور شہد ہو تو عمل میں قوت پیدا ہو جاتی ہے اول آخر درود **ودود** بیس بار پڑھیں۔ یہ زندگی بھر کی ایک بار کی محنت ہے ایسا پُر تاثیر سرمہ تیار ہوگا کہ اگر کسی مخصوص جگہ رشتہ طے کرنا چاہیں یا تسخیر محبوب کا ارداہ ہو یا میاں بیوی میں ناچاقی ہو یا تسخیر خلق چاہتے ہوں تو اس خاص وظیفہ سے اپنی زندگی بھر کیلئے ایک نایاب اور پُر تاثیر سرمہ تیار کر سکتے ہیں۔ درود الودود ذیل میں ہے۔

الودودو صلی الہ محمد وآلہ اھل بیت انک رحیم الودود

وظیفہ حُب

ذیل کا وظیفہ بھی تسخیر محبوب یا تسخیر خلق یا خاتمہ میاں بیوی کی ناچاقی کیلئے بہت موثر ہے۔ اس وظیفہ کی قوت سے دوکاندار حضرات یا وکیل یا پراپرٹی ڈیر حضرات فائدہ کر سکتے ہیں۔ حُب کے یہ تمام وظائف شرف واَوج زہرہ کے موقع پر بھی موثر ہیں۔ اوج زہرہ آئندہ مئی اور جولائی 2020ء میں ہو رہا ہے اس موقع پر نئے آزمودہ خاص اعمال کے ساتھ ان شاء اللہ حاضر ہونگا لیکن فی الوقت ایک مجرب عمل آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

پرندہ ہدہد کے دائیں پر کا قلم بنائیں مندرجہ ذیل نقش کو ہدہد کے خون سے لکھیں نقش لکھتے وقت آیت شریف

یحبونهم کحب الله والذین آمنو اشد حباً الله

1493 مرتبہ پڑھ کر نقش پر دم کریں۔



عمل مکمل ہونے کے بعد بنائے گئے نقش کو چاندی کے ورق میں لپیٹ کر محفوظ کر لیں تسخیر حُب، تسخیر خاص کیلئے نقش کو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے میں مضبوطی سے باندھ لیں۔ آیت مذکورہ 1493 بار ورد کریں اور پھر محبوب کے سامنے جائیں ان شاءاللہ بہتر نتائج حاصل ہونگے۔

حُب کا پتلہ

اسی خاص موقع پر ایک اور وظیفہ حُب جو کہ زہرہ مشتری کی تثلیث کیلئے بہتر مانا جاتا ہے اور نہایت مجرب ہے۔ پیش خدمت ہے بلا شبہ یہ وظیفہ پڑھنے میں مشکل محسوس ہوتا ہے لیکن نہایت آسان عمل ہے۔

گیہوں کا میدہ لیکر مثل محبوب کا پتلا بنائیں اور اس پتلے پر نابالغ لڑکی کے ہاتھ کا کٹا ہوا دھاگہ لے کر سر سے پیر تک پتلے پر لپیٹ دیں اور چودہ سوئی لیکر اس مثالی پتلے پر سوئی لگائیں دونوں آنکھوں میں ایک ایک، اور دو دونوں نتھنوں میں اور دو منہ اوپر اور نیچے کے ہونٹوں میں لگائیں اور ایک گلے میں اور ایک ایک دونوں کانوں میں اور ایک زبان میں اور مندرجہ ذیل نقش کو اسی سوت میں لپیٹ کر پتلے کے گلے میں ڈالیں لیکن ہر سوئی پر مندرجہ ذیل آیت شریف سات سات بار پڑھ کر سوئی لگائیں بعد فارغت اس پتلے کو لیکر بعد نماز مغرب جنگل یا قبرستان میں دفن کریں دفن کرتے وقت عمل (149) مرتبہ پڑھ کر پھر اس پتلے کو دفن کریں اور خوشبو جلا کر گھر آ جائیں۔

وظیفه یه هے :۔ قل ان کنتم تحبون الله فاتبعونی یحببکم الله ویغفرلکم ذنوبکم والله غفور الرحیم ۔



حاضری مطلوب

بوقت تثلیث زہرہ مشتری درج ذیل آیت کو قانون وظائف پر عمل کرتے ہوئے صرف زہرہ کی ساعت میں جب یہ نظر قائم ہو 500 بار ذیل کی دعا پڑھی جائے۔ ایک چراغ چاندی کا چنبیلی کے تیل میں روشن کیا جائے جس کا رُخ خانہ مطلوب کی جانب ہو نشست موتی اور چنبیلی کے پھول کی بنائی جائے۔ منہ میں مصری رکھیں، سفید لباس زیب تن ہو، موتی، اوپل یا حجر القمر کے پتھر کی تسبیح ہو اگر ایسا نا ممکن ہو تو کم از کم کسی بھی سفید رنگ کی تسبیح پر ذیل کی عبارت عمل ورد کی جائے۔ جیسے ہی ساعت زہرہ ختم ہو تمام ورد عمل بند کر دیا جائے۔ کمرہ کو قبل از وقت بخور زہرہ سے روشن کیا جائے جس میں تازے ترین خوشبوئیں یا ہر مل شامل ہے۔ یہ اُن حضرات کیلئے بھی پُر تاثیر ہے جن کی بیویاں روٹھ کر اپنے گھر جا چکی ہوں یا لڑکی کے والدین نکاح کیلئے راضی نہ ہوں اور دل میں نیک ارادہ سے نکاح چاہتے ہوں۔ اگر اسی لمحہ ساعت میں **یاودودو** کا نقش مربع آبی چاندی کی تختی پر بُرکریں۔ اب اس تختی کو شیشے کی بوتل میں بند کر کے پانی میں ڈال دیں۔ اگر بہتے ہوئے پانی میں ڈالیں گے تو تاثیر جلد ظاہر ہوگی۔ اس کے علاوہ نم جگہ پر بھی مثلاً پھولوں کی کیاری یا درخت کی جڑ میں بھی دبا سکتے ہیں۔ شہروں میں بہتے ہوئے پانی یا نم جگہ کا مسئلہ عموماً رہتا ہے۔ اس کا متبادل ہے کہ گملہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ عبارت ذیل ہے۔

یابدیع العجائب بالخیر یابدیع احضرو سخرلی هذه الساعة فلاں بن فلاں علی محبة فلاں بنت فلاں

(نوٹ) تمام وظائف نہایت مجرب ہیں انکی کامیابی میں شک وشبہ کی گنجائش ہرگز نہ ہے اگر کسی صاحب کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو اُنکو میری گزارش ہے کہ قاعدہ قانون وظائف پر ایک بار پھر نظر ثانی کریں یقیناً اُن سے کہیں نہ کہیں کوئی غلطی ہوئی ہے ورنہ ان کی صحت میں کوئی شبہ نہیں۔

بچے کا رونا اور اُم الصبیان کی بات

تحریر :۔ عامل فقیر حقدار بہلکانی (کشمور)

سب تعریفیں میرے رب کی ہیں جو بڑا مہربان ورحم کرنے والا بخشنے والا بردبار ومہربان ہے، امابعد۔

یادرہے کہ روحانیات کے جہان میں دو قسم کا علم چلتا ہے ایک علم نوری اور ایک علم ناری کہلاتا ہے۔ نوری علم قرآن پاک اور ناری علم جن وشیاطین سے لیا ہوا ہے۔ نوری علم پائیدار اور ناری علم وعمل عارضی ہوتا ہے۔ مسلمان مؤمن وایمان والا نوری علم رکھتا ہے نوری عمل لاحد ہے اور ناری عمل کی نوری عمل میں توڑ موجود ہے اور جنات گو نوری وناری دونوں ہی ہوتے ہیں اور جس حد تک بچے کے رونے یا اُم الصبیان کی بات ہے تو اُم الصبیان کُل جنات کی ماں کہلاتی ہے اور زیرزمین رہتی ہے اور اسکا صرف ایک ہی کام ہے کہ خطۂ عرض پر جہاں بھی کوئی نومولود بچے کے رونے کی آواز سنتی ہے تو زیرزمین سے نکل کر اپنی چھاتی سے دُودھ پلاتی ہے وہ بچہ خواہ جنات کا ہو یا انسان کا محبت کی ماری بطور ماں سب کو اپنا دودھ پلا کر رہتی ہے مگر انسانی بچے کو دودھ پلانے کا شرط یہ ہے کہ جب بچے کے قریب اس کی ماں بلکہ کوئی بھی بندہ نہ ہو اور نومولود کم سے کم پانچ منٹ تک ایک ہی دم میں رویا ہو۔

۷۸۶

۳۵۱۶	۳۵۱۹	۳۵۲۲	۳۵۰۹
۳۵۲۱	۳۵۱۰	۳۵۱۵	۳۵۲۰
۳۵۱۱	۳۵۲۴	۳۵۱۷	۳۵۱۴
۳۵۱۸	۳۵۱۳	۳۵۱۲	۳۵۲۳

کہا جاتا ہے کہ پوری زندگی اُم الصبیان روتی پھر رہی ہوتی ہے اور ان سے انسان وجنات کے بچوں کا رونا برداشت نہیں ہو پاتا اور یہ ایک حقیقت ہے کہ اُم الصبیان سے دودھ پلایا ہوا انسانی بچے کی دودھ پینے کے بعد رنگ پیلا، زبان اور منہ خشک ہو جاتا ہے۔ جسم کا حد سے زیادہ کانپنا، بلکہ جھٹکوں سے کانپنا یہ ہی ایک پوری ام الصبیان کی حقیقت ہے۔ اکثر طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ اُم الصبیان کے دودھ پینے کے بعد بچہ اپنی ماں کا دودھ نہیں پیتا اس میں بے آرامی اور حد سے زیادہ رونا بسیرا کر لیتی ہے اور وہ اثر بچے کی ماں کے اُوپر بھی پڑ جاتا ہے، ہوتا یوں ہے کہ جب ماں اپنا دودھ بچے کو پلانا چاہتی ہے تو بچہ دودھ نہیں پیتا اور وہ دودھ خود بخود ماں کی چھاتی سے باہر بہہ جاتا ہے اور کبھی کبھار اگر بچہ دودھ پینے کیلئے ماں کی چھاتی کو چُھوتا ہے تو چھاتی سکڑی ہوئی ہوتی ہے وہ اس لئے سکڑ جاتی ہے کہ نومولود بچے کے جسم پر اُم الصبیان کے دودھ کا اثر ہوتا ہے اور اس اثر سے نومولود بچے کا خون جلنا شروع ہو جاتا ہے اور بچہ جب ڈاکٹر کے پاس لے جایا جاتا ہے تو ڈاکٹر اس کی ماں کا دُودھ چھڑوا کر کمپنی کے دودھ پلانے کا مشورہ دیتے ہیں لیکن وہ کمپنی کا تیسرا دُودھ بھی بچے کو نہیں لگتا ہے اور نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بچہ دن بہ دن کمزور پڑ جاتا ہے اور آخر میں بچے کو سانس کی تکلیف ہونا شروع ہو جاتی ہے اور ڈاکٹر اس کو علاج کے ساتھ آکسیجن گیس پہ رکھتا ہے اور اتنے میں تھوڑے ہی دن کے بعد بچہ اپنے مالک حقیقی کو جا پہنچتا ہے۔ یہ حقیقی باتیں ہیں کوئی خیالی وافسانوی باتیں نہیں ہیں اور یہ روحانی، معالجین کا ذاتی تجربہ ہے۔ دیئے گئے تعویذات ہر دو ماہ کے وقفے کے بعد طریقے سے ماں اور بچے کو گردن میں موم جاما کر کہ باندھنے وسات کنوؤں کے پانی سے تعویذات کو پلانے کی ہدایت کی جاتی ہے اور اس کے بعد بچہ یعنی کہ نومولود ماشاءاللہ وان شاءاللہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اگر کسی قسم کا کوئی مسئلہ پیش آئے تو آپ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے براہ راست معلوم کر سکتے ہیں۔

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
(جھنگ صدر)

کسی روحانی معالج کی خفلت حاضر کرنا

وظیفہ:۔الف الف کر دے قل ھو اللہ فلاں کی خلقت حاضر کردے

طریقہ وظیفہ:۔اول آخر 11 بار درود شریف پھر دو ہزار بار یہ عبارت تصور کر کے پڑھیں ۔فلاں جادوگر کی خلقت اب میرے پاس کام کرانے آرہی ہے۔جو ظالم ہو یا خلقت کو پریشان کرتا ہو اس کیلئے یہ پڑھائی کریں کسی شریف کو تنگ نہ کریں ورنہ آپ کی محنت ضائع ہو جائیگی۔اللہ کے نام پر گوشت سوا کلو یا مرغا ذبح کر کے ویران جگہ ڈال آئیں اور یہ پڑھائی شروع کریں۔ تین دن بعد نیاز لازمی دیا کریں۔

ملازمت میں ترقی

عبارت وظیفہ:۔ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ۔

طریقہ وظیفہ:۔روزانہ نماز عصر سے پہلے یا نماز عصر کے بعد اول تسمیہ پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر گیارہ سو بار عبارت پڑھ کر دعا کریں اور پھر گیارہ بار درود شریف پڑھا کریں۔ وقت ایک رکھنا ہے۔بدبودار چیزوں کا پرہیز، بڑے گوشت اور مچھلی کا بھی پرہیز ہے۔ پہلے صدقہ دیں پھر میٹھی چیز پکا کر یا خرید کر ایصال ثواب تمام اُمت محمد یہ ﷺ کو کرے پھر نو چندی جمعرات یا نو چندی پیر سے تعداد کے مطابق وظیفہ پڑھنا شروع کریں۔ نیک ساعت میں شروع کرے کم از کم تین چلہ ضرور کریں۔ ورد کی برکت سے کامیابی دیکھیں گے۔

تنخواہ میں برکت ہو

عبارت وظیفہ:۔یَا اللّٰہُ یَا رحمٰنُ یَا رحیمُ یَا عَزِیْزُ یَاحَمِیْدُ یَاعَظِیْمُ۔

طریقہ وظیفہ:۔سب سے پہلے تین دن روزانہ کیڑے مکوڑوں کی جگہ پر سوجی ایک کلو کھانڈ ایک پاؤ ملا کر روز اڈالیں پھر یہ پڑھائی عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ بار کیا کریں۔ ہر ساتویں دن جمعرات یا پیر کو مٹھائی پر حضور پاک کی نیاز دلا کر بچوں بڑوں میں تقسیم کر دیا کریں اور پھر دیکھیں اپنی آنکھوں سے تنخواہ میں برکت ہوگی اور بیماریوں سے رفتہ رفتہ جان چھوٹ جائیگی۔روحانی معالجین اس کا سوا لاکھ چلہ کر کے دوسروں کے کام کرانے کے قابل ہو سکتے ہیں۔اس کلام کے پڑھنے سے مطلب حاصل ہونے کے علاوہ ثواب بھی ملے گا اللہ پاک کے اسماء ہیں۔

کالا کلوا کو حاضر کرنا

طریقہ وظیفہ:۔تحفہ روحانیات ہر قسم کے مذہب والوں کا پسندیدہ رسالہ ہے۔اس لئے جو منتر کے عمل کرنے کے خواہشمند ہیں ان کیلئے بھی عمل ہونا لازمی ہے۔یہ ورد حاضر ہے کریں اور اس کے کمالات اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کریں اس شیطانی مخلوق میں کیا کیا طاقتیں ہیں۔اس ورد کو روزانہ گیارہ سو بار کسی ویران جگہ جہاں سایہ نہ ہو یا کھڑے یا جاری پانی کے پاس کھڑے ہو کر پڑھنا ہے۔ پہلے چاروں دالیں پاؤ پاؤ لیکر اور ایک چھوٹا مرغا ذبح کر کے گوشت اور خون کھال انتڑیاں سب کچھ لفافہ میں ڈال کر کسی بھٹہ کے قریب یا ویران جگہ یا پرانے کنواں کے نزدیک پھینک دیں اور یہ عبارت ورد 11 بار پڑھ کر کہیں ہماری حاضری ہوگی پھر رات کو گیارہ بجے یہ شروع کریں پاس انگیٹھی کوئلوں کی ہو اس پر وقفہ وقفہ سے لوبان ڈالتے رہیں۔سامان ڈالتے وقت گوشت والا لفافہ کا منہ بند نہ ہو کھلا ہو یا الٹا کر کے لفافہ علیحدہ کر دیں۔

عبارت وظیفہ:۔**کالا کلوا چوسٹھ بیر میرا کلوا بھاگے تیر جھاں کو بھیجا وھاں کو جائے راث مَتِیّ کو چُھو نہ پائے اپنا مار آپ ھی کھائے چلتا بان ماروں جب تک تو میرا کام نہ کرے تیری ماں بھن کو 360 طلاق طلاق طلاق۔**

ورد کے دوران جلالی جمالی پرہیز کرنا ہے۔کبھی کبھی یہ سالن والی ہانڈی یا پانی والی بالٹی یا جب سالن میں پانی ڈلا جاتا ہے اس سے بولے گا اگر گھر میں یہ ہے تو اس کی بات سے ناراض ہو کر **وظیفہ** نہ چھوڑے کیونکہ ان چیزوں کی کوشش ہوتی ہے ایسی حرکت کریں کہ یہ ناکام ہو جائے۔حفاظت کیلئے حصار بھی لگا کر پڑھ سکتے ہیں۔

خوابوں کی حقیقت

تحریر:۔ سید عاقل شاہ کاظمی (کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات! میری جانب سے سب سے پہلے تو سب بھائیوں کو نو روز عالم افروز کی ڈھیروں مبارکباد۔ دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ پنجتن کے صدقے ہم سب کو اس نئے سال میں خوشیاں نصیب فرمائے اور محمدؐ و آل محمدؐ کے غموں کے علاوہ کوئی غم نصیب نہ ہو۔ ہم سب کے دلوں میں حُب علیؑ پیدا ہو اور ہم اس گھرانے کی تاحیات خدمت کریں۔ ہمارے دلوں سے کبھی بھی محمدؐ کی آل کی شان میں کوئی گستاخی نہ ہو۔ اب آتا ہوں اپنے موضوع کی جانب جسے آپ سب بھائیوں نے بے حد پسند کیا اور اکثر و بیشتر مجھ سے بذریعہ خط اپنے خوابوں کی تعبیر بارے معلوم کرتے رہتے ہیں اگر آپ میں سے کسی کو بھی اپنے کواب کی کوئی درست تعبیر معلوم کرنی ہو جس کے بارے میں آپ پریشان ہوں تو بذریعہ خط معلوم کر سکتے ہیں۔

سانپوں، بچھوئوں اور حشرات الارض کو دیکھنا:۔ سانپ کی تعبیر ایک مکمل دشمن سے دی جاتی ہے ایسا دشمن جو رویت میں سانپ جتنا بڑا ہو اور جس شکل کا ہو اس کے مطابق دشمن میں انتہا پسند بھی ہو۔ سانپ کو خواب میں مارنا دشمن سے لڑنا ہے سانپ پر فتح پانا دشمن پر فتح ہے اور سانپ کا غلبہ دشمن کا غلبہ ہے۔ سانپ کا ڈس لینا اسی مقدار سے دشمن سے اذیت پانا ہے جس قدر اذیت ڈسنے سے ہوئی۔ سانپ کو مار دینا دشمن پر کامیابی غلبہ حاصل کرنا ہے سانپ کے دو ٹکڑے کر دیئے تو وہ دشمن کے بھی دو ٹکڑے کر دیگا چار ہاتھ پیر والا سانپ بڑی شان و شوکت والے دشمن کے ہم معنی ہے ان دیکھے سانپ سے ڈرنا دشمن سے محفوظ و مامون ہونا ہے۔ سانپ کا گھر میں داخل ہونا اور اس کا اسے اپنے گھر میں عورتوں یا رشتہ داروں میں سے کسی کی دشمنی کے مترادف ہے اور سانپ گھر سے نکل گیا تو دشمن دور کا رشتہ دار ہوگا۔ سانپ پاخانے کے مقام کان یا پیٹ سے نکلا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے بچوں میں سے کوئی اس کا دشمن ہو کر اس سے الگ ہو جائیگا۔ کوئی شخص سانپ کا مالک ہو گیا اور اس سے خوف نہیں کھاتا تو سانپ تعبیر کے لحاظ سے دشمن نہیں بلکہ ملک اور نعمت شمار ہوگا۔ خواب دیکھنے والا سانپ ضخامت کے اعتبار سے ملک اور نعمت حاصل کرے گا کالا سانپ ہو تو فوج کی کمان اور سفید ہو تو اس سے مراد خوش نصیبی ہے۔ لطیف اور چکنا سانپ جس میں فساد اور بدی نہ ہو تو ایسا شخص شاہی خزانوں میں سے کسی خزانہ کا مالک ہوگا۔

بچھو کی تعبیر ایسے مکار دشمن سے دی جاتی ہے جو زبان سے بدلہ نہیں لیتا اور وہ دشمن دوست ہر کسی کو کاٹتا ہے نہ تو اس کا دین ہوتا ہے نہ قول قرار۔ بچھو کا ڈس لینا غیبت کرنے والے دشمن کے ہم معنی ہے اور یہ کہ وہ اس کے متعلق تکلیف دینے والی باتیں کرے گا خواب میں بچھوں کو قتل کر دیا تو وہ اس دشمن پر غالب آجائیگا۔ جس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں بچھو ہے اور لوگوں کو اس سے کٹوا رہا ہے تو یہ اپنی زبان سے لوگوں کو ڈسے گا بچھو کا گوشت پانا دشمن سے مال حاصل کرنا ہے۔ بچھو کسی کے پیٹ، گھر، بستر، قمیض، لحاف میں داخل ہوا تو مطلب یہ ہے کہ دشمن اس کے ساتھ ساتھ ہے اس کی باتیں سنتا اور لوگوں سے چغلی کرتا ہے باقی باتوں میں وہ سانپ کی طرح ہے۔ **تیتا (بھڑ) کی تعبیر** مکھی سے زیادہ شان و شوکت والے آدمی سے دی جاتی ہے بھڑوں یا مکھیوں کا حملہ کمینہ صفت لوگوں کا شور و غوغا ہے۔ چیونٹی کی تعبیر ایسے شخص سے دی جاتی ہے جو خوب کمائے صاحب برکت ہو احباب کو نفع پہنچائے۔ **مچھر کی تعبیر** کمزور اور توہین کئے جانے والے انسان سے دی جاتی ہے۔ پتنگے کی تعبیر بھی یہی ہے، مچھر کو اپنے گھر، محلہ یا کسی جگہ دیکھنا یہ معنی رکھتا ہے کہ اس جگہ کے لوگوں کے خاندان اور ان کی شاخیں بڑھیں گی۔ مچھر کسی کی جگہ سے نکل رہے ہوں تو مطلب یہ ہوگا کہ لوگ موت یا کسی اور ڈر کے سبب وہاں سے نکل جائیں گے مکھی کی تعبیر بھی یہی ہے مگر زیادہ کمزور، ٹڈیوں کے نقصان کی مقدار میں ہوگا فوج یا لشکریوں کا کسی معلوم مقام میں دیکھنا یہ معنی رکھتا ہے کہ وہاں ٹڈیاں حملہ کریں گی۔ گیرولہ گیروندا، مکڑی اور ہر طرح کی **مکھی کی تعبیر** کمزور اور کمینے لوگوں سے دی جاتی ہے، **مکڑی کی تعبیر** عبادت گزار، گناہوں سے بچنے والا، پاکدامن، اپنے کاموں کا نگران اور نیا نیا عبادت گزار اور توبہ کرنے والے انسان سے دی جاتی ہے، قصہ بیان کرنے والے کو دیکھنے کی تعبیر مکڑی کے الٹ ہے کیونکہ وہ نافرمان خبیث لوگوں کو برباد و خراب کرتا ہے اور ایک دوسرے کے خلاف بھڑکاتا ہے۔ **چوہیا کی تعبیر** فسادی اور بدباطن عورت سے دی جاتی ہے چوہے اور چوہیا دونوں کی

تعبیر ایک جیسی ہے ان میں سے کسی کا شکار ایسی ہی عورت کا حصول ہے۔

ایک شخص امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس آیا اور کہا کہ میری پیٹھ پر ایک بوری ہے جس میں سانپ اور بچھو ہیں آپ نے کہا تو نے شر پسند افراد کو دشمن بنا کر ان کی دشمنی مول لے لی ہے وہ لوگ تجھ پر جلد غالب آجائیں گے اس نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان بادشاہ نے مجھے عربوں کے صدقات وصول کرنے پر مقرر کر دیا ہے وہ لوگ آمادہ پیکار ہیں ایک اور صاحب امام کے پاس آئے اور کہا کہ میں نے خواب دیکھا کہ میرے گھر سانپ ہے جس نے میرے ہاتھ اور کمر کو ڈس لیا اور اس سے مجھے اذیت محسوس ہوئی۔ آپ نے کہا تیرے بھائی، بہن یا ایسا کوئی رشتہ دار ہے؟ اس نے کہا ہاں، آپ نے کہا کسی رشتہ دار کے دل میں تیرے خلاف نفرت بھری ہوئی ہے، بہت جلد اس سے تجھے نقصان پہنچے گا اس نے کہا کہ میرا ایک ماں شریک بھائی تھا جس نے ہمارے باپ کا ترکہ سمیٹا اور بھاگ گیا۔ اسے بھاگے ہوئے تین دن ہوئے۔ ایک شخص حضرت جعفر صادقؒ کے پاس آیا اور کہا کہ میرے پاس شیشہ کا ایک پیالہ ہے جس میں کھانا کھاتا ہوں میں نے دیکھا کہ گویا اس میں چیونٹیاں ہیں حضرت جعفرؒ نے پوچھا کہ تیری بیوی ہے؟ کہا کہ ہاں پوچھا اور غلام؟ اس نے کہا ہاں۔ فرمایا غلام اپنے گھر سے نکال دے کیونکہ اس میں کوئی بھلائی نہیں وہ آدمی غمزدہ اپنے گھر کی طرف لوٹا بیوی نے اس سے اس کے غم کا سبب پوچھا تو اس نے خواب اور اس کی تعبیر بتلا دی۔ عورت نے پوچھا پھر تیرا کیا ارادہ ہے؟ اس نے کہا میں نے غلام بیچ ڈالا عورت کو معلوم ہوا تو وہ اس کے پیچھے بھاگی عورت کے گھر والوں کو علم ہوا تو انہوں نے اس کا تعاقب کیا وہ عورت گھر والوں کو شہر ویران میں مل گئی جہاں وہ غلام کے تعاقب میں گئی تھی عورت نے کوشش کر کے غلام کو خریدا اور اس سے شادی کر لی۔

پانی کے جانور اور کو دیکھنے کی تعبیر اس شکل میں کہ وہ کافی مقدار میں ہو دیکھنے یا حاصل کرنے والے کیلئے غنیمت اور اموال سے دی جاتی ہے جب کہ چھوٹی مچھلیوں کی تعبیر غم اور فکر ہے ایک یا دو ہوں تو اس کی تعبیر ایک یا دو عورت ہیں۔ تازہ مچھلی کا گوشت اس کی چربی اس کی کھال، کھانے یا مالک ہونے کی تعبیر بھی مال اور غنیمت ہے اور کبھی یوں ہوتا ہے کہ یہ مال اور غنیمت بادشاہ یا عورت کے ذریعہ حاصل ہوگا۔ نمکین مچھلی کی تعبیر ان میں فکر اور غم سے دی جاتی ہے جو غلام، خادم یا بھائی سے اس کو پہنچے گا تعبیر کے لحاظ سے بڑی یا چھوٹی مچھلی میں کوئی فرق نہیں۔ مگر مچھ کی تعبیر مکار دشمن، چور، ڈاکو ہے لیکن ایسا جس سے کوئی بھی محفوظ نہ ہو گوشت، کھال اور ہڈی اور دوسرے اجزاء جسم دشمن کا مال ہوتے ہیں ان میں سے کسی چیز کا حصول اسی تناسب سے دشمن سے مال پانے کے مترادف ہے۔

مینڈک کی تعبیر اپنے کام میں سعی کرنے والے اور عبادت گزار شخص سے دی جاتی ہے بشرطیکہ وہ ایک یا دو ہوں اور جب ان کی جماعت ہو تو اس سے مراد اللہ تعالیٰ کے لشکر اور اس کے عبادت گزار بندے ہوتے ہیں۔ مینڈکوں کی جماعت کسی گھر محلہ یا زمین میں نظر آئے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس جگہ والوں پر اللہ تعالیٰ کا عذاب آئے گا۔

کچھوے سے مراد ایسا شخص ہے جو عبادت گزار، سعی و کوشش کرنے والا اور کثیر العلم عالم اور روحانی معالج ہو جس نے خواب میں کچھوا دیکھا یا اس کو اپنی ملک میں لے لیا یا اپنے گھر میں اسے داخل کر لیا تو وہ شخص ایک عالم کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا اور اس کے درمیان اور اس عالم کے درمیان تعلقات اور اس کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اس کا گوشت کھانا حصول علم کے مترادف ہے اس کو راستہ یا کوڑے کے ڈھیر پر دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ یہاں علم کی قدر نہیں اور اس کو محفوظ جگہ دیکھا تو گویا یہاں علم کی عزت ہے اور وہ محفوظ ہے۔

کیکڑے کی تعبیر بلند اخلاق، سخت بااصول اپنے معاملہ میں نظر ثانی سے گریز کرنے والے اور نامبارک انسان سے دی جاتی ہے ایسا انسان متکبر اور مغرور ہوتا ہے۔ تمام دریائی اور نہری جانوروں کی تعبیر انکی صفات کیمطابق دی جات ہے یہ سب بادشاہوں اور سلاطین جیسے لوگوں کے مددگار ہونگے۔

لوح فتح

دنیاوی پریشانی چاہے کسی بھی قسم کی ہو لوح فتح کی برکت سے چند منٹوں میں ہی ختم ہو جاتی ہے اس لوح کے پاس رکھنے سے مقدمات سے چھٹکارہ، مالی آسودگی، روزگار میں ترقی، قرض سے نجات، جسمانی صحت، گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات، من پسند شادی، حصول اولاد، دفع بندش کاروبار، غلبہ دشمن حاصل ہوتا ہے علم جفر کی اس معجزاتی لوح کی برکت سے کوئی ایسا کام نہیں کہ جس میں تاخیر ہو اس لوح کو عرصہ دراز سے آزمایا جا چکا ہے کہ جس کی برکت سے چند ہی دنوں میں بے شمار خوشیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔ قدرت کا یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اپنی مشکلات اور پریشانیاں جوابی لفافہ کے ہمراہ نام مع والدہ کے ادارہ کو ارسال کریں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ روحانیات میں تیار کی جانے والی تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل صاحب اپنے دست مبارک سے تیار کرتے ہیں۔ ہدیہ لوح فتح **4200** روپے

0300-6351192

لاجواب استخارہ

تحریر
نبیل مزمل
ملتان

تمام شائقین مزمل لکی نمبر کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ عرصہ 10 سال کی محنت کے بعد استخاروں پر مشتمل نایاب کتاب مکتبہ روحانیات، مزمل لکی نمبر کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے۔ ایسے حضرات جو ابھی تک کتاب حاصل نہ کر سکے وہ اپنی کتاب ابھی منگوانے کیلئے ادارہ سے فوری رابطہ کریں۔

تحفہ روحانیات کا مطالعہ کرنے کے شائقین کیلئے ایک لاجواب اور مجرب وظیفہ پیش خدمت ہے اس وظیفہ کی تعریف جتنی بھی کی جائے کم ہے یہ وظیفہ اکثر مجبور اور مایوس لوگوں کو دیا کرتا ہوں یہ کروڑ بار کا آزمودہ مجرب وظیفہ ہے خاص طور پر پرائز بانڈ رکھ کر یہ وظیفہ کیا جائے تو وہی پرائز بانڈ فرسٹ سیکنڈ ضرور انعام حاصل کرنے میں کامیاب ہوتا ہے۔ یہ وظیفہ تین دن کا ہے کسی بھی نوچندی جمعرات سے لگاتار تین دن کیا جائے تو چاہئے پرائز بانڈ کیلئے کیا جائے یا لکی نمبر کے حصول کیلئے کیا جائے یا بینک کاروبار اور قرضہ کی پریشانی سے نجات کیلئے کیا جائے تو یہ وظیفہ اپنی مثال آپ ہے۔ غرض کسی بھی کاروباری پریشانی ہو یہ وظیفہ ایک بار ضرور آزمائیں میں نے کئی لکی کمیٹی اور غیر ملکی لاٹری کے شائقین دوستوں کو بھی دیا اور ہر بار بے مثال پایا۔

یہ وظیفہ ایک بزرگ اسلام آباد میں جو قیام پذیر ہیں انکا بہت بڑا کارنامہ ہے وہ میرے مرشد بھی ہیں۔ چار برس پہلے وہ پہلی بار مزارات کی زیارت کیلئے میرے پاس آئے تو وہ جاتے ہوئے مجھے تحفہ میں دے کر گئے تھے پھر میں نے خود آزمایا اور واقعی لاجواب پایا۔

وظیفہ اس طرح ہے کہ کسی بھی نوچندی جمعرات کو عصر کے وقت کھیر پکائی جائے اور تین عدد کھولی جو اکثر کمہار کی دکان سے مل جاتی ہے یا چھوٹے مٹی کے پیالے بھی لے سکتے ہیں اور ان میں کھیر بھر دیں

پہلی پیالی میں کھیر پر یا رسول اللہ ﷺ 1000 بار پڑھ کر دم کریں۔

دوسری پیالی پر فاطمہؓ 1000 بار پڑھ کر دم کر دیں۔

تیسری پیالی پر یا علیؓ 1000 بار پڑھ کر دم کر دیں اور پھر اپنے مقصد کی دعا مانگ لیں اور ان پیالیوں میں سے یا رسول اللہ ﷺ والی پیالی خود کھالیں اور باقی دونوں مسجد میں جو بچے پڑھتے ہوں وہاں بھیج دیں یہی عمل تین دن کریں۔ اللہ کے فضل سے پہلے دن سے ہی مشاہدات سے حیران ہو جائیں گے وظیفہ پھر بھی تین دن کیا جائے ان شاء اللہ آپکی حیرت کی انتہا ہوگی میں نے اپنی طرف سے تفصیل لکھ دی ہے پھر بھی سمجھ نہ آئے تو مجھ سے یا ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے مشورہ کر سکتے ہیں کمزور سے کمزور روحانی قوت والے انسان پر بھی یہ استخارہ ضرور کھلتا ہے بعد کامیابی پانچواں حصہ ادارہ کو بطور زکوۃ لازمی بھیجیں مجھے اور میرے محسن ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں مہربانی ہوگی۔

110 مجرب استخارے

مکتبہ روحانیات کی جانب سے 110 استخاروں پر مشتمل کتاب شائع کی گئی جس کی مقبولیت میں بے انتہا اضافہ ہوا ہے۔ ایسے قارئین جو کہ استخاروں کا شوق رکھتے ہوں لازمی اس کتاب کو حاصل کریں ایسے قارئین جنہیں یہ کتاب مارکیٹ میں شارٹ ہونے کی وجہ سے نہ مل رہی ہو وہ ادارہ سے رابطہ کریں ان شاء اللہ جلد ہی اُنہیں رجسٹرڈ کتاب ارسال کر دی جائیگی اپنا آرڈر فوری بک کروائیں کیونکہ چند کتب اسٹاک میں موجود ہیں۔ 110 **مجرب استخارے** کتب میں نمبرات نکالنے کے علاوہ دُنیاوی ہر مشکل اور پریشانی کے حل کیلئے کئی اقسام کے استخارے بھی شائع کئے گئے جن کی مدد سے آپ اپنے روز مرہ میں پیش آنے والی مشکلات کا حل استخاروں کی مدد سے حاصل کر سکتے ہیں۔

0300-6351192
0333-6158193

دہی کی افادیت Yougurt

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

دودھ کی خمیر شدہ شکل کو دہی کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ نہایت ملائم، خوشگوار اور فرحت بخش ذائقہ کی بدولت برصغیر کے لوگوں کی پسندیدہ غذا ہے۔ یہ کئی خوبیوں سے بھرپور صحت بخش اور شفا بخش غذا ہے۔

امریکہ اور یورپ جیسے ترقی یافتہ ممالک میں دہی گائے کے دودھ سے بنائی جاتی ہے۔ روس میں دہی بنانے کے لئے بھیڑ بکری اور گھوڑی کی دودھ استعمال کیا جاتا ہے جبکہ برصغیر کے لوگ بھینس کے دودھ دہی بناتے اور پسند کرتے ہیں۔ دہی بنانے کیلئے خالص دودھ استعمال کیا جاتا ہے۔ دودھ جس قدر خالص ہوگا دہی اسی قدر عمدہ تیار ہوگی۔ دہی بنانے کیلئے دودھ کو ابال کر ٹھنڈا کر لیتے ہیں اور پھر اس میں تھوڑا سا دہی جاگ کے طور پر ملا دیا جاتا ہے۔ اگر میٹھا سوڑا ملا دیا جائے تو بھی دہی تیار ہو جاتی ہے۔ اگر دودھ زیادہ گرم ہو اور اسے جاگ لگا دی جائے تو دودھ پھٹ جاتا ہے۔ اگر دودھ بہت زیادہ ٹھنڈا ہو تو خمیر کا عمل زیادہ سست ہو جاتا ہے اور دہی کافی دیر سے جمتا یا تیار ہوتا ہے۔ موسم گرما میں دہی جلدی تیار ہو جاتا ہے۔ اسکے ذائقے اور معیار کا انحصار اس کو جاگ لگانے پر ہوتا ہے اگر جاگ کا ذائقہ اور مقدار درست ہوگا تو دہی بھی گاڑھا اور خوش ذائقہ تیار ہوگا۔

دھی کی تاریخ اور پس منظر: ۔دہی کو انگریزی زبان میں curd یا yougurt کہتے ہیں۔ یوگرٹ ترکی زبان کا لفظ ہے۔ عام خیال یہ ہے کہ سب سے پہلے دہی بنانے کا کام ترکی سے شروع ہوا۔ یہ قصہ کچھ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک ترک خانہ بدوش نے اپنے صحرائی سفر میں بکری کی کھال میں کچھ دودھ بھرا اور اپنے اونٹ کی کمر سے باندھ لیا تھا۔ جب اگلی منزل پر پہنچا تو اس کا دودھ تیز بو والے کثیف کسٹرڈ میں بدل چکا تھا جسے کھا کر خانہ بدوش بہت خوش ہوا۔ تحقیق سے پتہ چلا کہ صحرا کی گرمی اور بکری کی کھال میں پائے جانے والے بیکٹیریا نے دودھ کو ایسے لوازمات مہیا کر دیئے کہ وہ دہی بن گیا۔ سینکڑوں سالوں سے دہی مختلف اقوام کی روزمرہ غذاؤں میں لازمی جزو کی حیثیت سے استعمال آتا رہا ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں اس کی صحت بخش غذا کا مرتبہ حاصل ہے۔ مصر، روس، ترکی، یوگوسلاویہ، آرمینیا، وسطی یورپ اور رومانیہ کے ملکوں میں بھی دہی کو یہی مقام و مرتبہ حاصل ہے۔ گزشتہ چند دہائیوں سے امریکہ اور مغربی یورپ میں بھی دہی کو مقبول غذا کا درجہ حاصل ہو رہا ہے۔

دھی کی غذائی صلاحیت: ۔دہی کے غذائی اجزاء تازہ دودھ سے ملتے جلتے ہیں لیکن طبی اعتبار سے دہی میں بہت زیادہ خوبیاں پائی جاتی ہیں دودھ میں پائی جانے والی پروٹین دہی بنانے کے عمل سے بہت زیادہ زود ہضم بن جاتی ہے یہ کام بیکٹیریا یا انجام دیتے ہیں۔ یہی بیکٹیریا یا جب دہی کے ذریعہ اعضائے ہضم میں پہنچتے ہیں تو انتڑیوں کے نقصان دہ کیڑوں کی ہلاکت کا باعث بن جاتے ہیں۔ جبکہ معاون ہضم بیکٹیریا کی افزائش بڑھاتے ہیں۔ یہی معاون ہضم بیکٹیریا یا معدنی اجزاء کو جذب ہونے میں معاونت کرتے ہیں۔ نیز وٹامن بی گروپ کی تشکیل کو ممکن بناتے ہیں۔ لسی (چھاچھ) میں بھی دہی جیسے صحت بخش اور شفا بخش خواص پائے جاتے ہیں۔ لسی (چھاچھ) بنانے کے لئے دہی کو بلو اکر اس میں چکنائی (مکھن) الگ کر کے پانی ملا دیا جاتا جسے لسی کہتے ہیں۔ باقاعدگی سے دہی کا استعمال کرنے والے افراد جاذب نظر ہوتے ہیں کیونکہ دہی سے جلد اور اعصاب کو صحت مند اجزاء فراہم کرتے ہیں۔ دہی جلد کو دھوپ کے نقصان پہنچانے والے اثرات سے بچاتی ہے۔ دہی سکے بیکٹیریا یا جلد کو ملائمت اور چمک فراہم کرتے ہیں۔ دہی میں لیموں کا رس ملا کر چہرے پر لگانے سے چہرہ صاف اور چمکدار ہو جاتا ہے نیز جلد کو رطوبت اور ضروری وٹامن سی بھی مہیا کرتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک کپ دہی میں ایک چمچ لیموں کا رس ملا کر چہرے اور گردن پر اچھی طرح لیپ کر کے پندرہ بیس منٹ تک خشک ہونے دیں۔ جب خشک ہو جائے تو کسی نرم کپڑے یا ٹشو پیپر سے صاف کر کے پانی سے دھو لیں۔ چہرہ صاف اور چمکدار ہو جائے گا۔ دہی میں جو کا آٹا ملا کر استعمال کرنے سے جلد زیادہ صرف اور ملائم بن جاتی ہے۔ دہی میں بیسن ملا کر چہرے پر لیپ کرنے سے پھنسیاں اور کیل ختم ہو جاتے ہیں بالوں کی جڑوں میں دہی لگانے سے بال لمبے، ملائم اور مضبوط ہوتے ہیں۔ دہی کو کسی کھلی جگہ پر تین دن پڑا رہنے دیں تین دنوں کے بعد اس کو سر کے بالوں میں لگا کر آدھا گھنٹہ رہنے دیں۔ پھر دھو ڈالنے سے خشکی سکری کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ دہی بے خوابی کا اچھا علاج ہے۔ بے خوابی کے مریض کو زیادہ مقدار میں دہی کھلانے اور سر پر دہی کا مساج کرنے سے بے خوابی کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ دہی میں لیموں کا رس ملا کر کثرت سے استعمال کیا جائے تو اجابت کے بعد مقعد میں ہونے والی شدید خارش اور جلن صرف دو دن میں دور ہو جاتی ہے۔ دہی انتڑیوں میں موجود فضلے کو نرم کرنے کے ساتھ ساتھ جلن اور خارش کے اثرات کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کر دیتا ہے۔ دہی پاکسی میں پائے جانے والے لیکٹک ایسڈ کی وجہ سے اسہال، پیچش اور اپینڈیسائیٹس کا باعث بننے والے جراثیموں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ لسی (چھاچھ) کے استعمال سے بڑی آنت کی سوزش میں مبتلا مریضوں کو مکمل افاقہ ہو جاتا ہے۔ لسی (چھاچھ) کا انیمیا پرانی قبض، پیچش، اسہال اور پرانے اپینڈیسائیٹس کا بہترین علاج ہے۔ دہی کا ایک الکلائن غذا ہے۔ یہ غذا کو ہضم ہونے میں معاونت کرتا ہے۔ نیز معدے کی تبخیر اور خشکی بھی دور کرتا ہے۔ اس کے علاوہ پیپسین، رینین اور ہائیڈروکلورک ایسڈ خارج کرنے میں ممد و معاون رہتا ہے۔ دہی ایسی عمدہ غذا ہے۔ جو انتڑیوں اور

معدے کے مریضوں کو اسہال، پیچش سے نجات دلاتا ہے۔ دودھ میں پائے جانے والا لیکٹک ایسڈ اور دہی کے لیکٹوز معدے کی متعدد خرابیوں کی اصلاح کرتے ہیں۔ کوپن ہیگن کی مشہور ماہر غذا اور لاجنیسن سے اپنی کتاب لیکٹک ایسڈ بیکٹیریا میں لکھا ہے کہ دہی اور خمیر شدہ دیگر مشروبات معدے کی خراش اور ایسی ہی دوسری حالتوں میں متواتر زیادہ پیتے رہنے سے غذا معدے میں نہ ٹھہرنے کی صورت میں مفید رہتے ہیں کیونکہ لیکٹک ایسڈ مخصوص کیمیائی عمل کی وجہ سے جسم میں مکمل کاربن ڈائی آکسائیڈ میں بدل جاتا ہے اور پانی جسم میں جذب ہو جاتا ہے یہ پیشاب کے ذریعے ضائع بھی نہیں ہوتا۔ دہی کا زیادہ استعمال کرنے سے امونیا کا اضافی اخراج جو ہیپاٹائیٹس میں بے ہوشی کا باعث بنتا ہے رک جاتا ہے۔ دہی میں پائے جانے والے لیکٹک ایسڈ جوثومے جسم میں امونیا بننے کے عمل میں رکاوٹ پیدا کر کے اس عمل کو روک دیتے ہیں۔ دہی یا لسی میں شہد ملا کر استعمال کرنے سے یرقان کا مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔ یہ بہترین علاج بالغذا ہے۔ لسی (چھاچ) کی پٹیاں جلی ہوئی جلد پر رکھنے سے جہاں سرخی کا خاتمہ ہوتا ہے۔ وہاں حدت بھی جاتی رہتی ہے۔ لسی کے استعمال سے ضدی قسم کے امراض جیسے خنفبل، اور ایگزیما دور ہو جاتی ہیں۔ لسی پینے کے ساتھ ساتھ لسی میں پٹی بھگو کر متاثرہ جلد پر رکھنا بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ اگر لسی (چھاچھ) سے تر کر کے کپڑا رات بھر متاثرہ جلد پر بندھا رہے تو زیادہ موثر ہے۔ یہ پٹیاں صبح کے وقت جلد سے ہٹالی جائیں اور جلد کو اچھی طرح صاف کر دینا چاہئے۔ اگر جلد سوزش کی شکایت ہو تو بھی لسی کی پٹیاں مفید رہتی ہیں۔ دہی استعمال کرنے سے عمر لمبی ہوتی ہے کیونکہ دہی کا طویل العمری سے بہت گہرا تعلق ہے۔ نوبل انعام یافتہ روسی پروفیسر مینکوف کہتے ہیں کہ روزمرہ خوراک میں دہی کی معقول مقدار کھانے سے قبل از وقت بڑھاپا رُک جاتا ہے۔ پروفیسر موصوف نے بیسویں صدی کے ابتدائی عشروں میں بڑھاپے کے مسائل پر بہت زیادہ کام کیا ہے اور یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ انسانی جسم میں آہستہ آہستہ زہر پھیلنے لگ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے مزاحمت روزمرہ غذا سے کمزور ہو جاتی ہے۔ اس زہر پھیلنے کے عمل اور انتڑیوں کے امراض کو روکنے کیلئے دہی کا باقاعدہ استعمال ضروری ہے اور اسی سے امراض کو دور کیا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کیلئے دہی یا ایسڈ فائلس دودھ کا استعمال مفید ہے۔

دھی کا دیگر استعمال:۔ برصغیر پاک و ہند میں دستر خوان کی زینت بنانے کیلئے دہی کو مختلف صورتوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کو گوشت، سبزی، چاول، مچھلی اور پھلوں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ دہی میں نمک اور کالی مرچ ملا کر اسے انفرادی طور پر لذت کام و دہن کیلئے کھایا جاتا ہے۔ کچھ لوگ دہی میں چینی اور شہد ملا کر بھی کھاتے ہیں۔ بہت سے پکوان ایسے ہیں جن کو پکاتے ہوئے دہی استعمال کی جاتی ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں دہی کو لسی (چھاچھ) بنا کر بھی مشروب کی طرح پیا جاتا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق برصغیر میں دودھ کی پیداوار کا نصف حصہ دہی میں تبدیل کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔

بقیہ میٹر "جنات کی روحانی واردات"

یہ تمام واقعہ سناتے ہوئے حضور بخش کی آنکھوں میں پانی بھرا ہوا تھا اور خوشی سے بار بار اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر رہا تھا اس کا لہجہ سرائیکی تھا لیکن جس طرح کی اسے اُردو آتی تھی اپنی بات مکمل طور پر سمجھا سکتا تھا۔ اس بار اپنے ساتھ جو دوست لایا ان کا اس نے تعارف کروایا وہ دوست بھی چند علاقائی تحائف لائے جو کہ ان کے علاقے کی پہچان تھے اس نے پہلے درخواست کی کہ شاہ صاحب آپ میرے ان تحائف کو واپس نہ کریں گے۔ یہ میں اپنی خوشی سے لے کر آیا ہوں کیونکہ آپکے وظیفہ کی برکت سے میں اور میرے دوست جس عذاب سے نکلے ہیں ہمارا، اللہ بہتر جانتا ہے تاحیات ہم آپکو دعاؤں میں یاد رکھیں گے میرے دوست سے آپکے دیدار کے خواہشمند تھے اور آپ سے روحانی فیض حاصل کرنا چاہتے تھے اس لئے میں آپ کی اجازت کے بغیر ان کو بھی ساتھ لایا ہوں۔

احقر العباد محمد ایاز مزمل نے ان کی طرف نظر بھر کر دیکھا اور مخاطب ہوا" حضور بخش عمر میں آپ بہت بڑے ہیں اللہ آپ کی عمر میں مزید برکتیں ڈالے۔ یاد رکھیں اللہ تعالی کے اسمائے مبارکہ میں ایک اسم متکبر ہے جو کہ صرف اللہ ہی کو زیب دیتا ہے اسکے علاوہ جس نے بھی اس کی زمین پر رہتے ہوئے تکبر کیا اللہ نے اسے منہ کے بَل گرایا ہے بس یہی اس کی ہلاکت کا باعث بنا ہے اور پھر ذرا مزید غور کریں تو جہاں پر اللہ نے پیاری اور خوبصورت سورتیں قران پاک میں نازل فرمائی ہیں تو اسی [illegible] پاک میں اللہ رب العزت نے اور سورہ الکوثر، العصر سورہ الہب بھی نازل فرمائی کہ کافروں کو سزا دینے کیلئے اسی طرح قرآن پاک میں کئی مقامات پر سخت ترین آیات بھی ہیں جن میں کفار کو سزا دینے کیلئے استعمال کیا جاسکتا۔ اللہ سے ہر شخص اس کا رحم و کرم نازل فرمائے۔

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ

حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) بزرگوں کی طرف سے کچھ پریشانیوں اور رنج و تکلیف کے پیش آنے کا احتمال ہے اس ہفتہ انعامی اسکیموں میں بھی حصہ لینے سے گریز کریں تو بہتر یہ ورنہ نقصان ہوگا۔ اس ہفتہ شریک حیات اور اولاد یا والدہ کی صحت ناقص رہنے کا بھی احتمال ہے ہر ممکن احتیاط لازم ہے کاروباری امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی۔ ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ سماجی کاموں میں مصروفیت بڑھے گی نئے دوست بنا سکیں گے۔ مل جل کر کیے گئے کام زیادہ مفاد حاصل کر سکیں گے کسی تنظیم سے منسلک افراد آپ کیلئے فائدہ کا باعث بنیں گے۔

(9 تا 16) ان ایام میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے سخت محنت کی ضرورت ہوگی۔ خانگی امور میں بہتری رہے گی۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔ نئے دوست بنانے کا موقع ملے گا۔ کسی اہم شخصیت سے ملاقات ہو سکے گی۔ آپ کی خود اعتمادی آپ کی ذات میں نکھار پیدا کرنے کا باعث بنے گی کاروباری معاملات میں آپکی مصروفیات بڑھنے کا امکان ہے۔ فضول خرچی سے اجتناب کریں۔ جس سے کاروبار میں نمایاں ترقی ہوگی۔ اس ہفتہ کی 11 اور 12 تاریخ کو مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ کسی پسندیدہ منصوبہ پر عمل کر سکیں گے گھریلو امور میں مصروفیات بڑھیں۔

(17 تا 25)۔ غلط قسم کے افراد آپکی رومانوی زندگی پر اثر انداز ہونگے۔ اندرون ملک سفر درپیش آسکتا ہے جو کاروبار کیلئے نہایت کارآمد ہوگا لہذا سفر کرنا مبارک ہوگا۔ مشترکہ کاروبار میں منافع حاصل کر سکیں گے کاروبار میں معاون افراد سے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ کاروباری اور سرمایہ کاری کے معاملات ترقی رہیں گے۔ شریک کار کا تعاون بھی شامل حال رہیگا۔ چھوٹے سفر پر جانے کا امکان ہے۔

(26 تا 31) آپکے برج کا حاکم سیارہ مریخ کو برج جدی کے 28 درجہ پر شرف حاصل ہوتا ہے اور یہ شرف اس ہفتہ 26 مارچ کو ہو رہا ہے شرفی درجات سے گزرتے ہوئے آپکے برج کا حاکم سیارہ قوتوں سے لبریز ہوگا اس دوران سب کچھ آپ کے ہاتھ میں ہے لیکن آئندہ کی ناقص صورتحال سے بچنے کیلئے اس خاص موقع پر لوح شرف مریخ ضرور بنوائیں تاکہ روحانی جسمانی طاقت کا حصول ہو جادو اور جنات سے نجات ملے دشمنوں پر غلبہ ملے۔

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ

حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہو رہی ہے۔ اس نحس نظر کے تحت والدین سے کسی بات پر اختلاف ہو سکتا ہے یا پہلے سے میاں بیوی میں اختلاف اگر مناسب حل تک نہ پہنچے تو علیحدگی کا بھی خطرہ ہے۔ اس وقت دوسروں کے جذباتی مسائل میں داخل اندازی بالکل نہ کریں۔ جہاں تک کام کے معاملات کا تعلق ہے۔ اسکے علاوہ جولائی تک کا وقت بھی مالی معاملات میں احتیاط کا متقاضی ہے۔

(9 تا 16) ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے دور اندیشی سے کام لینا بہتر رہیگا۔ خرید و فروخت کی طرف رجحان بڑھیگا شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ خانگی امور میں خوشگواری رہیگی۔ اندرون ملک کسی نجی نوعیت کے سفر کا امکان ہے جو سود مند ثابت ہوگا۔ آپ کیلئے یہ تفریحی پروگرام نہایت مفید ثابت ہو گا۔ دوران پروگرام کچھ نئے لوگوں سے ملاقات بھی ہو سکتی ہے۔ جو مفید رہیگی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ آخری ایام میں بے روزگار افراد کو روزگار کے مواقع راس آئینگے۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی اور ملازمت کرنے والے افراد کو اپنے کام کو مستعدی سے کرنا بہتر رہے گا شریک حیات اور بچوں کے ساتھ مل کر سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے۔ شریک حیات سے کوئی اہم معاملہ طے کر سکیں گے اور انکی صحت جسمانی کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں پہلے سے ہوئے معاہدے پر نظر ثانی کرنا فائدہ مند رہیگا۔ شر پسند عناصر کی ریشہ دوائیوں سے محفوظ رہیں گے اس ہفتہ پیشہ ورانہ معاملات کے لحاظ سے یہ ہفتہ ترقی پذیر ثابت ہوگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے مالی اخلاقی مدد اور سعادت حاصل رہے گی۔ مجموعی طور پر یہ ایام حالات میں بہتری اور تبدیلی لائیں گے۔ ہفتہ کے اختتام تک کا وقت خوش قسمت دینا چاہتے ہیں تو معلومات حاصل کرنے کیلئے جمعرات اور جمعہ کے دن سے فائدہ اٹھائیں اس لیے اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔ اس ہفتہ زمین و جائیداد سے متعلقہ امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی اور قانونی فیصلہ آپکے حق میں ہوگا۔ یہ وقت خاندان کے تمام افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کیلئے موافق ثابت ہوگا محتاط رہیں ورنہ اختلافات کھل کر سامنے آجائیں گے۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

(یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد تسدیس زہرہ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ ان ایام میں بگڑے ہوئے معاملات درست ہونا شروع ہوجائیں گے۔ خاتون خانہ سے توقعات پوری ہونگی۔ نکاح یا منگنی کیلئے یہ ایام بہترین ثابت ہونگے۔ سیر وتفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں مہنگی اشیاء خریدنے سے پہلے احتیاط کریں۔ ان ایام میں عدالتی امور اور پنچایتی فیصلے آپکے حق میں ہونگے حلقہ احباب میں اچھی شہرت حاصل کرسکیں گے۔ آپ بہترین لیڈر کے طور پر بھی سامنے آسکتے ہیں۔ آسائش پسند نہ بنیں۔ اگر آپ نے محتاط رویہ اختیار نہ کیا تو یہ لوگ آپ کو ہڑپ کر جائیں گے۔

